www.cpsglobal.org
www.mwkhan.com

# الرسالہ
Al-Risala

May-June 2025 • Rs. 50



حضرت ابراہیم کی زندگی کا سبق — خدا کی اس دنیا میں کوئی ”غروب“ آخری نہیں۔ ہر غروب کے لیے ایک نیا طلوع مقدر ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# الرسالہ

May-June 2025 | Volume 50 | Issue 3

Prof. Farida Khanam
Editor-in-Chief

Dr. Stuti Malhotra
Editor (Hindi Section)

Farhad Ahmad
Assistant Editor

Al-Risala
1, Nizamuddin West Market
New Delhi 110013
Mobile: 8588822679, Tel. 0120 4314871
Email: info@goodwordbooks.com

Annual Subscription Rates

| | |
|---|---|
| Retail Price | ₹40 per copy |
| Subscription by Book Post | ₹200 per year |
| Subscription by Regd. Post | ₹400 per year |
| Subscription (Abroad) | US $20 per year |

Bank Details
Saniyasnain Khan
State Bank of India
A/c No: 30087163574
IFSC Code: SBIN0009109

To order books by
Maulana Wahiduddin Khan
please contact Goodword Books
Tel. 0120 4314871, Mobile: 8588822675
Email: sales@goodwordbooks.com

تحریر

## مولانا وحید الدّین خاں

## فہرست

عیدِ اضحیٰ کا سبق 4
پیس فل ایکٹوزم، وائلنٹ ایکٹوزم 5
قرآن کی چند آیتیں 6
موت کا سبق 9
میدان کا انتخاب 10
حاصلِ تجربہ 14
خدا کو پانا 15
اِن شاء اللہ 17
اسلامی سرگرمی 18
خدا کی رحمت 19
اتحاد کی نفسیات 23
جہنم کی طرف 24
یک طرفہ رپورٹنگ 25
ہائی پروفائل، لو پروفائل 26
ایک دَور کا مشاہدہ 27
حق گوئی و بے باکی 28
ہجرتِ رسول 29
کامیابی کا درست طریقہ 30
ضمیر یعنی سینسر 31
جمعہ کا دن 33
جدید انسان کی تلاش 35
ذکر اللہ 37
ایک انٹرویو 38
ڈائری 1986 42
ایک سوال 48
خبرنامہ اسلامی مرکز 49

शुक्र की अहमियत 1
हर चीज़ एक इम्तिहान का पेपर है 2
विनम्रता — एक महान इबादत 3
जीवन का कला कौशल 4
सफलता का रहस्य 5
आत्महत्या: सबसे बड़ा पागलपन 6
वापसी संभव नहीं होगी 7
सोहबत का असर 8
एक कठिनाई, दो आसानियाँ 9
अक़्लमंद इंसान 11
मिलती—जुलती दुनिया 12
मेहमान—नवाज़ी या दिखावा 13
सच्चा अमल, सच्ची दुआ 14
शादाबी लौट आई 15
क्रोध को त्याग दो 16

Printed and published by Saniyasnain Khan on behalf of Al-Markazul Islami, New Delhi
Printed at Tara Art Printers Pvt. Ltd. A46-47, Sector 5, Noida-201301
Published from 1, Nizamuddin West Market, New Delhi-110013 Editor: Saniyasnain Khan

# عیدِ اضحیٰ کا سبق

عیدِ اضحیٰ کی قربانی کا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زندگی سے براہ راست تعلق ہے۔ حضرت ابراہیم کی زندگی سے یہ سبق ملتا ہے کہ جب ایک طریقہ نتیجہ خیز ثابت نہ ہو رہا ہو تو اپنے منصوبہ کی ری پلاننگ (re-planning) کرنی چاہیے۔ مثلاً پیغمبر ابراہیم نے اُر (موجودہ عراق) سے اپنے پیغام کا آغاز کیا۔ مگر جب وہاں ان کو کامیابی نہیں ملی، بلکہ آگ میں ڈال دیا گیا تو حضرت ابراہیم نے ایسا بالکل بھی نہیں کیا کہ اس کو ظلم کے خانے میں ڈال کر شکایت کا طریقہ اختیار کریں، بلکہ انھوں نے اپنے عمل کی ری پلاننگ کی، جس کا کلمینیشن (culmination) مکہ کی آبادی، اور پیغمبر اسلام اور آپ کے اصحاب کا وجود میں آنا تھا۔

عیدِ اضحیٰ دراصل اس بات کا سبق ہے کہ اپنے عمل کی ری پلاننگ کرو۔ کھوئے ہوئے کو ہر قیمت پر حاصل کرنے کی کوشش نہ کرو، خواہ اس کے لیے قربانی کی سطح پر عمل کرنا پڑے۔ کھوئے ہوئے کو دوبارہ اسی نہج پر پانا ممکن نہیں ہوتا۔ اس لیے مومن کا کام یہ ہے کہ وہ کوشش میں ناکامی کے بعد حالات کا دوبارہ مطالعہ کر کے اپنے عمل کی ری پلاننگ کرے۔

ری پلاننگ فطرت کا ایک عام اصول ہے۔ وہ ہر معاملے میں قابلِ انطباق ہے۔ خواہ وہ معاملہ مذہبی ہو یا سیکولر۔ انسان کو ہرگز ایسا نہیں کرنا چاہیے کہ جو طریقۂ کار مؤثر ثابت نہ ہو، اُسی کو بار بار آزماتا رہے۔ اس کے بجائے، اسے اپنے عمل کی ری پلاننگ کرنی چاہیے۔ یہی اس دنیا میں کامیابی کا واحد طریقہ ہے۔ درخت کا مشاہدہ بتاتا ہے کہ اگر کسی شاخ کو بڑھنے سے کوئی چیز روکتی ہے تو وہ اپنا رخ بدل کر آگے بڑھنے لگتی ہے۔ ٹریفک کا بھی عام اصول یہی ہے کہ جب ڈرائیور دیکھتا ہے کہ آگے راستہ بند ہے تو وہ راستہ بدل کر اپنا سفر جاری رکھتا ہے۔

مکہ میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے نتیجہ رُخی عمل کا موقع ختم ہو گیا تو اللہ تعالی نے آپ کو مدینہ کی طرف ہجرت کا حکم دیا۔ اور پھر آہستہ آہستہ ساری دنیا میں اسلام کے لیے راستہ کھل گیا۔ اسی حقیقت کی طرف رسول اللہ نے اشارہ کیا ہے: مجھے ایک بستی کا حکم دیا گیا ہے، وہ تمام بستیوں کو کھا جائے گی۔ لوگ اُس کو یثرب کہتے ہیں، لیکن وہ مدینہ ہے (صحیح البخاری، حدیث نمبر 1748)۔

# پیس فل ایکٹوزم، وائلنٹ ایکٹوزم

ایک حدیث رسول ان الفاظ میں آئی ہے: عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ، وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ، وَمَا لَا يُعْطِي عَلَى مَا سِوَاهُ (صحیح مسلم، حدیث نمبر 2593)۔ یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: بیشک اللہ نرم ہے، اور نرمی کو پسند کرتا ہے، اور نرمی پر وہ سب عطا کرتا ہے، جو وہ سختی پر عطا نہیں کرتا، اور نہ اس کے علاوہ کسی اور چیز پر عطا کرتا ہے۔ ایک روایت میں یہ اضافہ ہے: وَيَرْضَاهُ، وَيُعِينُ عَلَيْهِ مَا لَا يُعِينُ عَلَى الْعُنْفِ (المعجم الکبیر للطبرانی، حدیث نمبر 852)۔ یعنی اللہ تعالیٰ نرمی سے راضی ہوتا ہے، اور نرمی پر وہ جس طرح مدد کرتا ہے، ایسی مدد وہ سختی پر نہیں کرتا۔

یہ حدیث طریقِ کار کے بارے میں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی مدد ہمیشہ پر امن طریقِ کار پر آتی ہے۔ متشددانہ طریقِ کار پر اللہ کی مدد نہیں آتی ہے۔ مزید غور وفکر سے معلوم ہوتا ہے کہ جب انسان پر امن انداز میں اپنا کام کرتا ہے، تو فطرت کے قوانین انسان کے موافق بن جاتے ہیں۔ انسان کو اپنے کام میں فرشتوں کی مدد حاصل ہو جاتی ہے۔ جب کہ مسلح طریقِ کار میں ایسا نہیں ہوتا۔ مسلح طریقہ ہمیشہ ری ایکشن پیدا کرتا ہے۔ اس کے برعکس، پر امن طریقِ کار ری ایکشن کا خاتمہ کر دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نرمی کو پسند کرتا ہے، وہ سختی کو پسند نہیں کرتا۔ اس کا سبب یہ ہے کہ نرمی یا پر امن طریقِ کار اختیار کرنے کی صورت میں مسئلہ حل ہوتا ہے۔ جب کہ تشدد کا طریقہ اختیار کرنے کی صورت میں مسئلہ ہمیشہ بڑھ جاتا ہے۔ پیس فل طریقِ کار اختیار کرنے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کوئی نیا مسئلہ پیدا ہوئے بغیر مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ اس کے برعکس، تشدد کا طریقہ اختیار کرنے کی صورت میں کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ البتہ نئے نئے مسائل پیدا ہو کر مقصد کے حصول کو اور زیادہ مشکل بنا دیتے ہیں۔

# قرآن کی چند آیتیں

قرآن کی سورہ آل عمران کی چند آیتوں کا ترجمہ یہ ہے:

آسمانوں کی پیدائش میں اوررات دن کے باری باری آنے میں عقل والوں کی لیے بہت نشانیاں ہیں (لَآيَاتٍ لِأُولِي الْأَلْبَابِ)۔ جوکھڑے اور بیٹھے اوراپنی کروٹوں پر (قِيَاماً وَقُعُوداً وَعَلَى جُنُوبِهِمْ) اللہ کو یاد کرتے ہیں۔ اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں فکر کرتے رہتے ہیں۔ اے ہمارے رب تونے یہ سب بے مقصد نہیں بنایا، تو پاک ہے۔ پس تو ہم کو آگ کے عذاب سے بچا (مَا خَلَقْتَ هَذَا بَاطِلاً سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ)۔ اے ہمارے رب تونے جس کو آگ میں ڈالا اس کو تو نے واقعی رسوا کردیا۔ اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔ اے ہمارے رب ہم نے ایک پکارنے والے کو سنا جو ایمان کی طرف پکار رہا تھا کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ، پس ہم ایمان لائے (إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِياً يُنَادِي لِلْإِيمَانِ أَنْ آمِنُوا بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا)۔ اے ہمارے رب ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہماری برائیوں کو تو ہم سے دور کردے اور ہمارا خاتمہ نیک لوگوں کے ساتھ کر (تَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ)۔ اے ہمارے رب تو نے جو وعدے اپنے رسولوں کے ذریعہ ہم سے کیے ہیں، ان کو تو ہمارے ساتھ پورا کر (آتِنَا مَا وَعَدْتَنَا عَلَى رُسُلِكَ) اور قیامت کے دن تو ہم کو رسوائی میں نہ ڈال۔ بے شک تو اپنے وعدے کے خلاف کرنے والا نہیں ہے۔ ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرمائی کہ میں تم میں سے کسی کا عمل ضائع کرنے والا نہیں خواہ وہ مرد ہو یا عورت (أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِنْكُمْ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى)۔ تم سب ایک دوسرے کی جنس سے ہو، پس جن لوگوں نے ہجرت کی اور جو اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں شامل ہو گئے اور لڑے اور مارے گئے (فَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَأُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَأُوذُوا فِي سَبِيلِي وَقَاتَلُوا وَقُتِلُوا)، میں ضرور ان کی خطائیں ان سے دور کردوں گا اور ان کو ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ یہ ان کا بدلہ ہے۔ اللہ کے یہاں اور بہترین بدلہ اللہ ہی کے پاس ہے۔ (3:190-195)

قرآن کی یہ آیتیں فہم دین کے لیے بہت زیادہ اہم ہیں۔ ان آیتوں میں جن نکات (points) کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ ان کو یہاں مختصر طور پر نمبر وار درج کیا جارہا ہے:

1۔ ان آیات سے پہلی بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ اللہ کی معرفت صرف ان لوگوں کو ملتی ہے، جو اپنی عقل (reason) کو استعمال کریں (لَآيَاتٍ لِأُولِي الْأَلْبَابِ)۔ آیت میں اولوا الالباب کا لفظ ہے۔ اس کا مطلب ہے۔ اصحاب عقل یعنی جو لوگ اپنی عقل کو استعمال کرکے زمین و آسمان کی چیزوں (creation) میں غور کریں۔ گویا کہ معرفت الٰہی کسی پراسرار طریقے سے حاصل نہیں ہوتی، معرفت کے حصول کا ذریعہ صرف ایک ہے، اور وہ ہے عقل کو استعمال کرکے تخلیقی مظاہر میں غور وفکر کرنا۔

2۔ دوسری بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ جب کسی انسان کو خدا کی معرفت (realization) حاصل ہوتی ہے تو وہ اس کی پوری شخصیت کا حصہ بن جاتی ہے۔ وہ ہر حال میں اس کے بارے میں سوچتا رہتا ہے (قِيَاماً وَقُعُوداً وَعَلَى جُنُوبِهِمْ)۔ انسان ایک فکری مخلوق ہے۔ کہا جاتا ہے کہ انسان ایک سوچنے والا حیوان (thinking animal) ہے۔ انسان کی سوچ ہی وہ عمل ہے، جو اس کی شخصیت کی تعمیر کرتی ہے۔ ربانی سوچ سے ربانی انسان بنتا ہے اور غیر ربانی سوچ سے غیر ربانی انسان۔

3۔ اس معرفت کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ زندگی اور کائنات کی معنویت کو دریافت کرلیتا ہے۔ وہ یہ جان لیتا ہے کہ خدا کے خالق ہونے کا یہ لازمی نتیجہ ہونا چاہیے کہ آدمی خدا کے سامنے جواب دہ ہو (مَا خَلَقْتَ هَذَا بَاطِلاً سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ)۔ تخلیق اور جواب دہی (accountability) دونوں اس کو ایک حقیقت کے دو حصے نظر آنے لگتے ہیں۔ جس خدا نے انسان کو پیدا کیا ہے۔ وہ لازماً ایک دن انسان کا محاسبہ کرے گا اور اس کے عمل کے مطابق، اس کے لیے جزا و سزا کا فیصلہ کرے گا۔

4۔ اس معرفت کے نتیجے میں انسان کے اندر جو شعور پیدا ہوتا ہے۔ وہ اس بات کا ضامن ہوتا ہے کہ وہ حق کے داعی کو پہچان لے (إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِياً يُنَادِي لِلْإِيمَانِ أَنْ آمِنُوا بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا)۔ حق کے داعی کو نہ پہچاننے کا واحد سبب یہ ہے کہ آدمی کنڈیشننگ کا شکار ہو۔ معرفت آدمی کو

اس قابل بناتی ہے کہ وہ کنڈیشننگ سے باہر آکر چیزوں کو ویسا ہی دیکھ سکے جیسا کہ فی الحقیقت وہ ہیں۔ یہ صلاحیت آدمی کو اس قابل بنا دیتی ہے کہ وہ تعصّباتِ ذہنی سے آزاد ہو کر کسی انسان کو پہچان لے۔ اس طرح، حق کی معرفت آدمی کے لیے حق کے داعی کی معرفت کا یقینی ذریعہ بن جاتی ہے۔

5۔ جب ایک شخص کو معرفت والی زندگی حاصل ہوتی ہے تو اس کے بعد اس کا وہ حال ہوتا ہے جس کو حدیث میں ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے: الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ (صحیح مسلم، حدیث نمبر 2956)۔ یعنی، دنیا مومن کے لیے قید خانہ ہے۔ ایسا اس لیے ہوتا ہے کہ اس دنیا میں عارفِ حق کو غیر عارفین کے درمیان زندگی گزارنا پڑتا ہے۔ خدا پرست کو غیر خدا پرستوں کے ساتھ رہنا پڑتا ہے۔ آخرت پسند انسان کو ان لوگوں کے ساتھ رہنا پڑتا ہے جن کا کنسرن صرف دنیا ہوتی ہے۔ اس صورتِ حال کی بنا پر ایک سچے مومن کو دنیا ایک قید خانہ کے مانند نظر آنے لگتی ہے۔ اس کی بہترین تمنا یہ ہوتی ہے کہ اس کو عارفینِ حق کے معاشرے میں رہنا نصیب ہو۔ اسی معاشرے کا نام جنت ہے۔ جب کسی شخص کو معرفت حاصل ہوتی ہے تو وہ عین اس کے فطری تقاضے کے مطابق، جنت کا طالب بن جاتا ہے۔ یہی مطلب ہے تَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ کا، یعنی ہمارا خاتمہ نیک لوگوں کے ساتھ کر۔

6۔ آتِنَا مَا وَعَدْتَنَا عَلَى رُسُلِكَ —— ان الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ پیغمبروں کے ساتھ اللہ کا جو معاملہ ہوتا ہے۔ اس میں پیغمبر کے سچے امتی بھی برابر کے شریک ہیں، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ یہ بلا شبہ بہت بڑی بشارت ہے۔ تاہم خدا کی یہ عنایت صرف ان لوگوں کے لیے مقدر ہے، جو کسی شرط کے بغیر پیغمبر کا اعتراف کریں اور کسی شرط کے بغیر اپنی عملی زندگی میں اس کی پیروی کریں۔ اللہ تعالیٰ کی یہ سنت جس طرح پیغمبر کے معاصرین کے لیے ہے، اسی طرح اس سنت کا تعلق بعد کے دور کے اُن لوگوں سے بھی ہے جو پیغمبر کے مشن کو زندہ کرنے کے لیے اٹھیں، اور ساتھ دینے والے ان کا ساتھ دیں۔

7۔ اگلی آیت میں عامل کے عمل کا ذکر ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ حتمی وعدہ ہے کہ وہ سچے عامل کے عمل کو کبھی ضائع نہیں کرتا۔ یہ سنت مردوں کے لیے بھی ہے اور عورتوں کے لیے بھی (أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ

عامِلٍ مِنكُمۡ مِنۡ ذَكَرٍ أَوۡ أُنۡثٰی)۔اللہ تعالیٰ کی یہ سنت ایک سچے مومن کے لیے بلاشبہ سب سے بڑا سہارا ہے۔حالات خواہ کتنے ہی سخت ہوں۔اگر وہ حقیقتاً اللہ کے بتائے ہوئے راستے پر ہے تو اللہ کی طرف سے اس کے لیے ابدی طور پر یہ بشارت ہے کہ إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوا وَالَّذِينَ هُمۡ مُحۡسِنُونَ (16:128)۔یعنی، بیشک اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جو پرہیزگار ہیں اور جو نیکی کرنے والے ہیں۔

8۔اس کے بعد قرآن میں چند چیزوں کا ذکر ہے: ہجرت، وطن سے اخراج، اللہ کے راستے میں ستایا جانا اور قتال(فَالَّذِينَ هاجَرُوا وَأُخۡرِجُوا مِنۡ دِيارِهِمۡ وَأُوذُوا فِي سَبِيلِي وَقاتَلُوا وَقُتِلُوا)۔یہ چاروں شرطیں لازماً لفظی طور پر مطلوب نہیں ہیں۔بلکہ وہ معنوی طور پر مطلوب ہیں۔یعنی اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اہلِ ایمان کے ساتھ ہر زمانے میں شکل کے اعتبار سے عین ایسا ہی واقعہ پیش آئے گا کہ ان کو اپنا وطن چھوڑنا پڑے، وہ اپنے گھروں سے نکالے جائیں، ان کو جسمانی طور پر ستایا جائے، ان کو مسلح جنگ کرنا پڑے۔یہ سب شرطیں حقیقی نہیں ہیں، بلکہ وہ اضافی ہیں۔

قدیم قبائلی دور(tribal-age)میں یہ واقعات شکلاً پیش آئے،لیکن موجودہ زمانہ آزادی اور جمہوریت کا زمانہ ہے۔اب انسانی حقوق(human rights)کو عالمی طور پر مان لیا گیا ہے۔اب بھی سچے اہل ایمان کے ساتھ یہ تجربات پیش آئیں گے،مگر وہ بہ اعتبارِ حقیقت(spirit)ہوں گے، نہ کہ باعتبارِ صورت۔

******

## موت کا سبق

موت ہر انسان پر اچانک آتی ہے۔اس بنا پر انسان مجبور ہے کہ موت کے معاملے میں غیر یقینی حالت میں جیے۔یہ غیر یقینی حالت صرف موت کے بارے میں نہیں ہے، بلکہ زندگی کے ہر پہلو سے متعلق ہے۔انسان کو چاہیے کہ وہ فطرت کے اس قانون کو قبول کرے، اور اس کے مطابق اپنی زندگی کی پلاننگ کرے۔ورنہ وہ اس معاملے میں اپنے آپ کو ابدی نقصان سے بچا نہیں سکتا۔

# میدان کا انتخاب

قرآن میں بتایا گیا ہے کہ اللہ نے جب آدم اور حوا کو پیدا کیا تو ان کو جنت میں آباد کیا۔ اللہ نے فرمایا کہ تم پوری جنت کو استعمال کر سکتے ہو، لیکن جنت کا ایک درخت تمھارے لیے شجرِ ممنوع (forbidden tree) کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس لیے تم دونوں اس درخت کے پاس مت جانا اور اس کا پھل مت کھانا ورنہ تم دونوں ظالم ہوجاؤ گے:

وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ (2:35)۔

Do not approach this tree lest you become wrongdoers (2:35)

یہ قصہ صرف آدم اور حوا کا ایک قدیم روایتی قصہ نہیں، اس میں پوری انسانیت کے لیے ایک ابدی سبق موجود ہے۔ یہ قصہ علامتی طور پر بتاتا ہے کہ انسان کے بارے میں اللہ کا تخلیقی منصوبہ (creation plan of God) کیا ہے اور یہ کہ اس تخلیقی منصوبے کے مطابق، ہر عورت اور ہر مرد کا سب سے بڑا مسئلہ کیا ہے۔ ان کو ناکامی سے بچنے کے لیے اس دنیا میں کس طرح رہنا چاہیے۔ مگر عملاً یہ ہوا کہ آدم اور حوا نے اس ممنوع درخت کا پھل کھالیا۔ ان سے یہ غلطی صرف ایک درخت کے بارے میں ہوئی تھی، مگر عملی نتیجہ یہ ہوا کہ وہ پوری جنت سے محروم ہو گئے۔

آدم اور حوا کا یہ قصہ انسان کے بارے میں خالق کے مقرر کردہ ایک اہم اصول کو بتاتا ہے۔ وہ یہ کہ ہر انسان اور ہر انسانی گروہ کے لیے ایک ”ممنوع درخت“ (forbidden tree) ہوتا ہے۔ فرد اور جماعت دونوں کو چاہیے کہ وہ اپنے اس ”ممنوع درخت“ کو دریافت کریں اور اس سے کامل طور پر پرہیز کریں، ورنہ وہ لازمی طور پر اس کے برے انجام سے دوچار ہوں گے اور پھر کوئی چیز نہ ہوگی، جو ان کو اس تباہ کن انجام سے بچائے۔

اب اس معاملے کو فرد کی نسبت سے دیکھیے۔ اس دنیا کو بنانے والے نے ایک خاص مقصد کے تحت اسے بنایا ہے۔ وہ یہ کہ یہ دنیا ایک انتخابی میدان (selection ground) ہے۔ اس دنیا میں مختلف قسم کے موافق اور ناموافق حالات کے درمیان آدمی کا امتحان لیا جارہا ہے۔ اس مقصد

کے تحت اس دنیا میں ہر عورت اور مرد کو ہر لمحہ کوئی نہ کوئی ناخوش گوار تجربہ پیش آتا ہے۔ آدمی اپنے مزاج کے اعتبار سے معیار پسند (idealist) ہے، مگر موجودہ دنیا میں ہر چیز غیر معیاری ہے۔ اس بنا پر عملاً یہ ہوتا ہے کہ آدمی اپنی بے شعوری کی بنا پر منفی سوچ (negative thinking) میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اس طرح وہ اپنے آپ کو جنت کے لیے غیر مستحق انسان بنا لیتا ہے۔

اس امتحان میں کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ ہر آدمی یہ دریافت کرے کہ سماجی زندگی میں اس کے لیے "ممنوع درخت" کیا ہے۔ اسے یہ سمجھنا چاہیے کہ وہ جس "درخت" کو نہ پانے کی وجہ سے منفی سوچ میں مبتلا ہو رہا تھا، وہ دراصل اس کے لیے "ممنوع درخت" کی حیثیت رکھتا تھا، اور اسے حاصل کرنا اس کے لیے فائدے کی بجائے نقصان کا سبب بنتا۔

افراد (individuals) کے بارے میں یہ المیہ پوری تاریخ میں پیش آیا ہے۔ تقریباً تمام انسانوں کا یہ حال ہو رہا ہے کہ وہ تجرباتِ حیات کے دوران کسی نہ کسی اعتبار سے منفی نفسیات میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ وہ منفی سوچ میں جیتے ہیں اور منفی سوچ میں مرتے ہیں۔ کسی شخص کا یہ حال ہے کہ وہ اپنے خواہشات (desires) کی تکمیل (fulfilment) چاہتا تھا، مگر یہ تکمیل اس کو نہیں مل پاتی۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ مایوسی کی حالت میں جیتا ہے، اور مایوسی کی حالت میں اس دنیا سے چلا جاتا ہے۔ کسی نے آئڈیل انصاف (ideal justice) کو ایک نشانہ بنایا، مگر وہ جدو جہد کے باوجود آئڈیل انصاف نہ پاسکا، نتیجہ یہ ہوا کہ وہ فرسٹریشن کا شکار ہو کر رہ گیا۔ کسی نے یہ چاہا کہ وہ اسی دنیا میں اپنی جنت تعمیر کرے، مگر ساری کوشش کے باوجود وہ اپنی مطلوب جنت کی تعمیر نہ کرسکا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ صرف ناامیدی کا ایک کیس بن کر رہ گیا۔

افراد کے بارے میں یہ المیہ (tragedy) پوری تاریخ میں نظر آتا ہے۔ اس کا مشترک سبب یہ ہے کہ ہر انسان نے اپنے لیے ایک ایسی چیز کو حاصل کرنا چاہا جو خالق کے منصوبے کے مطابق، اس کے لیے "ممنوع درخت" کی حیثیت رکھتا تھا، اس بنا پر وہ اس کے لیے قابلِ حصول ہی نہ تھا، اس صورت حال نے انسانی تاریخ کو عملاً انسانی تمناؤں کا ایک وسیع قبرستان بنا دیا۔

یہی معاملہ قوموں کا ہے۔ تاریخ میں بار بار یہ حادثہ پیش آرہا ہے کہ قومیں یا قوموں کے لیڈر

اپنے لیے ایسا نشانہ بنا تے ہیں۔ جو اپنی حقیقت کے اعتبار سے ان کے لیے ناقابل حصول (unachievable) ہوتا۔نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ جو کرتے ہیں وہ اپنے انجام کے اعتبار سے ان کے لیے کاؤنٹر پروڈکٹیو (counter productive) ثابت ہوتا ہے۔وہ بڑے بڑے حوصلوں کے ساتھ زندگی کا آغاز کرتے ہیں۔اور آخر میں وہ مایوسی کا شکار ہوکر اس دنیا سے چلے جاتے ہیں۔ سکندر اعظم (Alexander the Great) 336 قبل مسیح میں یونان کا بادشاہ بنا۔اس نے اپنے لیے ایک ناقابلِ حصول پولٹکل نشانہ بنایا، یعنی یہ کہ وہ فوجی طاقت کے ذریعے ساری دنیا کو فتح کرے ۔مگر عملاً یہ ہوا کہ وہ صرف 33 سال کی عمر میں شدید مایوسی کی حالت میں مر گیا۔

ہٹلر (Adolf Hitler, b. 1889) 1933 میں جرمنی کا چانسلر (Chancellor) مقرر ہوا۔مگر اس نے اپنے لیے ایک ناقابل حصول سیاسی نشانہ بنایا، یعنی پورے یورپ میں جرمنی کا اقتدار قائم کرے۔مگر بڑے بڑے فوجی اقدامات کے باوجود وہ اپنا نشانہ پورا نہ کرسکا۔یہاں تک کہ 1945 میں شدید مایوسی کی حالت میں اس نے خودکشی کرلی، جب کہ اس کی عمر ابھی صرف 56 سال تھی۔

اس طرح کی ایک مثال کمیونسٹ پارٹی کی ہے۔کمیونسٹ پارٹی نے 1917 میں روس میں اقتدار حاصل کیا۔ اس کے بعد اس نے اپنے لیے ایک ناقابلِ حصول نشانہ بنایا ،یعنی کمیونسٹ آئڈیالوجی کو ساری دنیا میں ایکسپورٹ کرنا۔اس مقصد کے لیے اس نے بہت فوجی کارروائیاں کیں۔ اسی سلسلے کا ایک واقعہ یہ تھا کہ اس نے 1979 میں افغانستان میں اپنی فوجیں داخل کردیں، مگر اس کا نتیجہ برعکس صورت میں نکلا 1991 میں خود کمیونسٹ ایمپائر (Soviet Union) ٹوٹ گیا، عالمی نقشے پر وہ سپر پاور کی حیثیت سے باقی نہ رہا۔

اسی نوعیت کی ایک مثال امریکا ہے۔اس نے بھی یہی کیا کہ اپنے لیے ایک ناقابل حصول نشانہ بنایا۔امریکا کے پولٹکل لیڈر براک اوباما کو دوسری بار صدر امریکا منتخب کیا گیا۔اس سلسلے میں واشنگٹن میں 22 جنوری 2013 کو ایک خصوصی تقریب منعقد کی گئی۔اس موقع پر صدر اوباما نے ایک افتتاحی تقریر کی۔اس تقریر میں انھوں نے امریکا کی عالمی پالیسی کو دہراتے ہوئے کہا کہ— امریکا ساری دنیا میں جمہوریت کو اپنی سپورٹ دیتا رہے گا:

We will support democracy from Asia to Africa, from the Americas to the Middle East.

مگر واقعات بتاتے ہیں کہ امریکا کی یہ پالیسی اس کے لیے پوری طرح کاؤنٹر پروڈکٹیو (counter-productive) ثابت ہوئی ہے۔ دوسری عالمی جنگ کے بعد امریکا ایک مضبوط قوم (strong nation) کی حیثیت سے ابھرا تھا۔ امریکا کی اقتصادیات کو ایک مستحکم اقتصادیات سمجھا جاتا تھا، لیکن اب اکیسویں صدی میں امریکا نے اپنی یہ حیثیت کھودی ہے۔ امریکا کی مذکورہ خارجہ پالیسی نے اس کو صرف یہ تحفہ دیا کہ امریکا کی سپر پاور حیثیت دنیا کی نظر میں مشتبہ ہوگئی۔

اس معاملے میں خود ملت مسلمہ کا حال بھی یہی ہے۔ موجودہ زمانے کے مسلم رہنماؤں نے اور ان رہنماؤں کی پیروی کرتے ہوئے تقریباً تمام مسلمانوں نے یہ فرض کرلیا کہ دنیا کی تمام قومیں ان کی دشمن ہیں، ہر جگہ ان کے خلاف سازش جاری ہے، ان کی حکومتوں کو توڑا جا رہا ہے، ان کے سیاسی دبدبہ کو ختم کیا جارہا ہے۔ اس سوچ کے تحت تمام دنیا کے مسلمان مفروضہ دشمنوں کے خلاف مفروضہ جہاد میں مشغول ہوگئے۔ اس جہاد میں عملاً پوری ملت مسلمہ شامل ہے۔ کچھ لوگ انفعالی جہاد (passive jihad) کے طور پر اور کچھ لوگ عملی جہاد (active jihad) کے طور پر اس کا حصہ بنے ہوئے ہیں۔

مگر اس معاملے میں ملت مسلمہ کا انجام بھی وہی ہور ہا ہے، جو دوسری قوموں کا ہو رہا ہے۔ یعنی تقریباً 200 سال کی جدوجہد اور قربانی کے باوجود ان کا مقصود حاصل نہیں ہوا، بلکہ یہ ہوا کہ ملت مسلمہ کی تباہی میں ناقابلِ تلافی حد تک اضافہ ہوگیا۔ اس کی ایک مثال فلسطین ہے۔ فلسطین میں 1948 میں تمام عرب اور غیر عرب مسلمانوں کی حمایت سے اسرائیل کے خلاف جہاد شروع ہوا، مگر نتیجہ برعکس صورت میں نکلا۔ 1948 میں جب جہادِ فلسطین شروع ہوا۔ اس وقت فلسطین کا تقریباً نصف حصہ بشمول یروشلم (مسجد اقصی اور بیت المقدس، وغیرہ) عربوں کے پاس تھا، مگر آج عربوں کے پاس فلسطین کا اتنا کم حصہ ہے، جو عملاً نہ ہونے کے برابر ہے۔

یہ الم ناک واقعات جو مسلمانوں اور دوسری قوموں کے ساتھ پیش آرہے ہیں۔ ان سب کا مشترک سبب صرف ایک ہے اور وہ ہے "ممنوع درخت" کے قانون فطرت کی خلاف ورزی کرنا۔ ہر قوم نے ایک ایسی منزل کی طرف رخ شروع کررکھا ہے، جہاں پہنچنا اس کے لیے مقدر نہیں۔

اس عالمی مسئلے کا حل صرف یہ ہے کہ ہر فرد اور ہر قوم اپنے معاملے کا ازسرنو جائزہ لے۔ وہ خالق کے منصوبے کو سمجھے، وہ غیر جانب دارانہ سوچ کے تحت یہ دریافت کرے کہ خالق کے منصوبے کے تحت اس کا ممنوع درخت (forbidden tree) کیا ہے اور پھر اپنی سابقہ غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے اپنے عمل کی نئی منصوبہ بندی کرے۔ وہ ممنوع میدان کو چھوڑے اور جو میدان اس کے لیے کھلا ہوا ہے، اس میں ازسرِنو اپنی جدوجہد کا آغاز کرے۔ یہی کامیابی کا واحد راز ہے۔ اس کے بغیر اس دنیا میں کسی کے لیے بھی کامیابی کا حصول ممکن نہیں، نہ کسی فرد کے لیے اور نہ کسی قوم کے لیے۔ اس اصول کا خلاصہ مختصر طور پر یہ ہے: اپنے شجر ممنوعہ کو دریافت کرنا اور اس سے دوری اختیار کرتے ہوئے اپنے عمل کا منصوبہ بنانا۔

*******

# حاصلِ تجربہ

میری عمر 66 سال ہوگئی۔ اگر مجھے بتانا ہو کہ میری پوری زندگی کے مطالعہ اور تجربہ کا آخری حاصل کیا ہے، تو میں کہوں گا کہ — اللہ تعالیٰ نے انسان کی صورت میں ایک مسٹر نتھنگ (Mr. Nothing) پیدا کیا اور اس کے اوپر (thing) کا پردہ ڈال دیا۔

انسان کے پاس بظاہر دماغ ہے، علم ہے، طاقت ہے، اسباب ووسائل ہیں۔ مگر یہ سب کا سب ظاہری پردہ ہے۔ اس پردہ کے اندر داخل ہو کر دیکھیے تو معلوم ہوگا کہ انسان کی کسی چیز کی کوئی حقیقت نہیں۔ اس میں شک نہیں کہ انسان کا ایک علیحدہ وجود ہے۔ اس کا یہ علیحدہ وجود دنیا سے لے کر آخرت تک باقی رہے گا۔ انسان کا سارا معاملہ سراسر اللہ کی ذات پر منحصر ہے۔ دنیا میں بھی اگر وہ کچھ پاتا ہے تو وہ اللہ کے دیے سے پاتا ہے۔ اور آخرت میں بھی وہ جو کچھ پائے گا اللہ کے دیے سے پائے گا۔

انسان کے پاس ارادہ ہے مگر حسبِ ارادہ نتیجہ ظاہر کرنے کی اس کے اندر طاقت نہیں۔ انسان کے پاس فکر ہے، مگر حالات کے اوپر اس کا کنٹرول نہیں۔ اس کو چاہنے کا اختیار ہے، مگر اس کو کرنے کا کوئی اختیار نہیں۔ (ڈائری، 26 فروری 1990)

# خدا کو پانا

اس وقت میری گفتگو کا موضوع خدا اور خدا کی وحدت ہے۔ یہ موضوع بلا شبہ میرا سب سے زیادہ پسندیدہ موضوع ہے۔ زمین و آسمان گواہ ہیں کہ میں سب سے زیادہ توحید کے موضوع پر سوچتا ہوں۔ میں سب سے زیادہ خدا کی باتوں میں گم رہتا ہوں۔

مگر قرآن میں آیا ہے کہ إِذا ذُكِرَ اللهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ (8:2)۔ یعنی، جب اللہ کا ذکر آتا ہے تو ان کے دل دہل اٹھتے ہیں۔ اور فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَخَرَّ مُوسى صَعِقاً (7:143)۔ یعنی، جب اللہ نے پہاڑ پر اپنی تجلی کی تو اس کو ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑا۔

خدا تو وہ ہے جہاں زبانیں بند ہو جاتی ہیں، پھر خدا کے بارے میں بولا جائے تو کیا بولا جائے۔ خدا تو وہ ہے جس کے سامنے آتے ہی نگاہیں خیرہ ہو جاتی ہیں۔ پھر اس کے مشاہدہ کو بیان کیا جائے تو کس طرح بیان کیا جائے۔ خدا تو وہ ہے کہ جب وہ تجلی کرتا ہے تو جہاں وہ اپنی تجلی کرتا ہے اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے (الاعراف، 7:143)، پھر کہاں سے وہ دل لایا جائے جو خدا جیسی ہستی کا چرچا کر سکے۔

خدا میرے لیے صرف ایک رسمی عقیدہ نہیں، خدا میری دریافت ہے۔ (احسان کے درجہ میں) خدا کو میں نے دیکھا ہے۔ خدا کو میں نے چھوا ہے۔ بخدا میری مثال صحرائے سینا کے اس پہاڑ کی ہے جس پر خدا اترا اور اس نے اس کی ہستی کے ریزے ریزے کر دیے۔ ایسے ایک انسان کے لیے خدا پر بولنا کوئی آسان کام نہیں۔ ایسے ایک انسان کے لیے خدا کی حمد اور تعریف کرنی عام تقریروں کی طرح صرف ایک تقریر کر دینے کی بات نہیں۔

غالباً 25 سال پہلے کی بات ہے۔ اس وقت میں اعظم گڑھ (یوپی) میں تھا۔ وہاں ایک صاحب (شاہ نصیر احمد) نے مجھ سے پوچھا: ”کیا انسان خدا کو دیکھ سکتا ہے“۔ میری زبان سے فوراً یہ الفاظ نکلے: ”کیا آپ نے ابھی تک خدا کو نہیں دیکھا“۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ خدا سورج اور چاند سے زیادہ نمایاں ہے۔ یہ آنکھ اسی لیے دی گئی ہے کہ وہ خدا کو دیکھے۔ یہ دماغ اسی لیے دیا گیا ہے کہ وہ

خدا کا ادراک کرے۔ بخدا وہ آنکھ بے نور ہے جس کو خدا دکھائی نہیں دیتا۔ وہ انسان بے دماغ ہے جو یہ کہتا ہے کہ اس نے خدا کو نہیں پایا، یا یہ کہ خدا کو پایا نہیں جا سکتا۔

خدا بلاشبہ اتنا بڑا ہے کہ وہ ہمارے مشاہدہ میں نہیں سماتا۔ مگر بلاشبہ وہ تمام چیزوں سے زیادہ ہم سے قریب ہے۔ موجودہ دنیا میں ہم خدا کو اس کی ذات میں نہیں دیکھ سکتے۔ مگر خدا کو اس کی صفات میں ہم ہر جگہ دیکھتے ہیں اور ہر وقت دیکھ سکتے ہیں۔ موجودہ دنیا میں یہی خدا کو دیکھنا ہے، یہی خدا کو پانا ہے۔

کار کو کارخانہ کا انجینئر بناتا ہے۔ انجینئر کار میں ہر وقت بیٹھا ہوا نہیں ہوتا۔ مگر جس شخص نے کار میں صرف کار کو دیکھا اس نے کچھ نہیں دیکھا۔ کار کو دیکھنے والا وہ ہے جو کار کو دیکھتے ہی اس کے انجینئر کو بھی دیکھ لے۔ اسی طرح انسان خدا کو بھی دیکھ سکتا ہے۔ اگر آپ نے سورج میں صرف سورج کو دیکھا تو آپ نے کچھ نہیں دیکھا۔ سورج کو دیکھنے والا وہ ہے جس نے سورج میں خدا کے روشن چہرہ کو دیکھ لیا ہو۔ جس نے پہاڑ میں صرف پہاڑ کو دیکھا اس نے کچھ نہیں دیکھا۔ پہاڑ کو دیکھنے والا وہ ہے جس نے پہاڑ میں خدا کی عظمتوں کو پالیا ہو۔ خدا کوئی دور کی چیز نہیں۔ وہ آسمان کی وسعتوں میں ظاہر ہوا ہے۔ وہ چڑیوں کے چہچہے میں بول رہا ہے۔ وہ پھولوں کی لطافت میں مسکرا رہا ہے۔ وہ ہواؤں کے جھونکے میں آپ کو چھو رہا ہے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ خدا ہر طرف اور ہر جگہ ہے۔ وہ ہم سے بالکل الگ ہے، اسی کے ساتھ وہ ہم سے انتہائی قریب ہے۔ پھر بھی جو انسان خدا کو نہ دیکھے وہ اندھا ہے۔ اس کے باوجود جو انسان خدا کو نہ پائے وہ محرومی کی اس انتہا پر ہے جس کے آگے محرومی کا کوئی درجہ نہیں۔

خدا کو پانا ایسا ہی ہے جیسے اپنے آپ کو پانا۔ کون ہے جو اپنے آپ کو پائے ہوئے نہ ہو۔ اس لیے کوئی شخص بھی ایسا نہیں ہو سکتا جو خدا کو پانا چاہے پھر بھی وہ اس کو نہ پا سکے۔ جو شخص اپنی آنکھیں بند کر لے وہ سورج کو نہیں دیکھ سکتا۔ ایسے شخص کے چاروں طرف سورج اپنی بے پناہ روشنی کے ساتھ موجود ہوگا مگر وہ سورج کو نہیں دیکھے گا۔ اسی طرح خدا ہر لمحہ آدمی کے چاروں طرف موجود ہے۔ مگر جس شخص نے اپنی بصیرت کو دھندلا کر چکا ہو وہ کبھی خدا کو دیکھنے کی سعادت حاصل نہیں کر سکتا۔

(تقریر بمقام بھوپال، 19 اپریل 1986)

# اِن شاء اللہ

اسلام کی تعلیمات میں سے ایک تعلیم یہ ہے کہ آدمی جب کسی کام کے بارے میں اپنے ارادہ کا اظہار کرے تو اس کے ساتھ ان شاء اللہ (اگر اللہ نے چاہا) بھی ضرور کہے (الکہف، 18:23)۔ مثلاً ایک شخص دہلی سے بمبئی جانے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ اس طرح نہ کہے کہ کل میں بمبئی جاؤں گا، بلکہ یوں کہے کہ ان شاء اللہ کل میں بمبئی جاؤں گا۔

یہ کلمہ گویا اس حقیقت واقعہ کا اعتراف ہے کہ میری چاہ صرف اس وقت پوری ہوگی جب کہ اللہ کی چاہ بھی اس میں شامل ہوجائے۔ یہ اپنے چاہنے میں اللہ کے چاہنے کو ملانا ہے، اپنے ارادے کے ساتھ اللہ کے ارادے کو شامل کرنا ہے۔ اصل یہ ہے کہ انسان ارادہ کرتا ہے اور اس کے مطابق کوشش کرتا ہے۔ مگر کسی کوشش کی تکمیل صرف اس وقت ممکن ہوتی ہے جب کہ اس کے ساتھ اللہ کی رضامندی بھی شامل ہوجائے۔ اسی کو عربی میں اس طرح کہا گیا ہے کہ کوشش میری طرف سے ہے اور اس کی تکمیل اللہ کی طرف سے (السَّعْيُ مِنِّي وَالإِتْمَامُ مِنَ اللّٰهِ)۔

اس اعتبار سے خدا اور بندے کا معاملہ گویا دندانہ دار پہیہ (cogwheel) کا معاملہ ہے۔ ایک پہیہ خدا کا ہے اور دوسرا پہیہ انسان کا۔ جب دونوں کے دندانے ایک دوسرے میں مل جاتے ہیں، اس کے بعد زندگی کی مشین چل پڑتی ہے۔ انسان اگر ایسا کرے کہ خدا کے پہیہ سے الگ ہوکر اپنا پہیہ چلانا چاہے تو بظاہر حرکت کے باوجود وہ بے فائدہ ہوگا۔ کیوں کہ پوری مشین کے چلنے کے لیے ضروری تھا کہ خدا کے پہیہ کا دندانہ بھی انسان کے پہیہ کے ساتھ شامل ہو۔

ان شاء اللہ کا کلمہ، باعتبارِ حقیقت، ایک دُعا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان اپنے کام کا آغاز کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے درخواست کرتا ہے کہ وہ انسان کے کاگ میں اپنا کاگ ملا دے تاکہ زندگی کی مشین چل پڑے اور اپنے مطلوبہ انجام تک پہونچے۔ ان شاء اللہ کہنا گویا زندگی کے سفر میں مالکِ کائنات کو اپنے ساتھ لینا ہے۔ اور جس آدمی کا یہ حال ہو کہ خود مالک کائنات اس کا ہم سفر ہوجائے۔ اس کو منزل تک پہنچنے سے کون روک سکتا ہے۔

# اسلامی سرگرمی

کچھ مسلمان اگر اسلام کے نام پر جمع ہوتے ہوں، یا اسلام کے نام پر کچھ سرگرمی دکھا رہے ہوں، تو یہی ان کے لیے اسلام پر قائم ہونے کی کافی علامت نہیں ہے۔ اس قسم کی سرگرمی (activity) لوگوں کو ایک ملّی تسکین دے سکتی ہے، لیکن وہ اسلام کے مقصد پر قائم ہونے کے لیے کافی نہیں۔

اسلام کے نام پر سرگرمی وہ ہے جو ایک بامقصد سرگرمی ہو۔ مثلاً اسلام کے نام پر آپ کسی جگہ جمع ہوجائیں، اور اسلام کے نام پر تقریریں سنیں، تو اس سے آپ کو ربانی ٹیک اوے (takeaway) ملنا چاہیے (الانفال، 8:2)۔ جس تقریر یا تحریر سے آپ کو ربانی ٹیک اوے نہ ملے، وہ اسلام کی سرگرمی نہیں تھی، بلکہ کسی اور مقصد کے تحت کی گئی سرگرمی تھی، جس کو آپ نے غلطی سے اسلام کی سرگرمی سمجھ لیا۔

اسلام کی سرگرمی وہ ہے، جو شرکاء کو متعین مقصدِ حیات دے۔ جس سے لوگوں کے دلوں میں اللہ کی محبت پیدا ہو۔ جس سے لوگ لوٹیں تو وہ اللہ کی یاد اور آخرت کی فکر کا جذبہ لے کر لوٹیں۔ ان کے اندر تمام انسانوں کی خیر خواہی کا جذبہ بیدار ہوجائے۔ اسلام کے نام پر ایسی سرگرمی جو خدا اور آخرت کے ذکر سے خالی ہو، وہ کچھ اور ہوسکتی ہے، لیکن وہ حقیقی معنوں میں اسلامی سرگرمی نہیں۔

ہر چیز کو جانچنے کا ایک معیار (criterion) ہوتا ہے۔ اسلام کے نام پر کی گئی سرگرمی کا معیار یہ ہے کہ اس سے خدا کا تعلق بڑھے، اور آخرت رخی اسپرٹ بیدار ہو۔ جو سرگرمی اسلام کے نام پر کی گئی ہو، لیکن جو لوگ اس میں شرکت کرکے واپس لوٹیں، اور ان کے پاس مذکورہ قسم کا ٹیک اوے نہ ہو، وہ اپنی حقیقت کے اعتبار سے کوئی اور سرگرمی تھی، جس کو انھوں نے غلط فہمی سے اسلامی سرگرمی سمجھ لیا۔

اسلامی تقریر یا اسلامی تحریر وہ ہے، جس سے لوگوں میں خدا اور آخرت کی اسپرٹ بیدار ہو، جس سے لوگوں میں جنت کا شوق بڑھے، اور وہ آخرت کی پکڑ کے بارے میں زیادہ حساس ہوجائیں۔ جو لوگوں کے لیے خدا اور آخرت کی غذا دینے والا ثابت ہو۔

# خدا کی رحمت

بارش کے موسم میں بارش نہ ہو تو کسان پریشان ہو جاتے ہیں کیوں کہ بارش ہی کے اوپر کھیتی کا دارومدار ہے۔ بارش سے کھیتوں میں فصل اگتی ہے اور سال بھر کی روزی حاصل ہوتی ہے۔ بارش نہ ہو تو کسانوں کے کھیت ویران ہو جائیں، ہم کو اپنی خوراک کے لیے غلہ نہ ملے۔ اسی طرح ایک اور بارش ہے۔ یہ اللہ کا وہ فضل ہے جس سے نیک عمل کی توفیق حاصل ہوتی ہے، جس سے ہمارے ایمان کی زمین پر اسلامی کردار کی کھیتیاں اگتی ہیں۔ اللہ کی توفیق نہ ملے تو ہمارے ایمان کی زمین سوکھی پڑی رہ جائے اور اس سے نیک اعمال کی وہ فصل نہ اُگے گی، جو جنت کا دروازہ کھولنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ توفیق کی اہمیت اسلامی کردار پیدا کرنے میں اسی طرح ہے جیسے بارش کی اہمیت کھیتوں میں فصل اگانے کے لیے۔

جب بادلوں والی بارش رکتی ہے تو کسان بے حد پریشان ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح جب عمل کی توفیق والی بارش رکے تو مومن بندہ کو بے چین ہو جانا چاہیے۔ اس کو اپنا احتساب کرنا چاہیے کہ کیوں اس کے اوپر توفیقِ الٰہی کی بارش رک گئی۔ ایسا کیوں ہے کہ اس کے اندر وہ جذبات نہیں امنڈ رہے ہیں جو اللہ کے پسندیدہ اعمال کا محرک بنتے ہیں۔

جب آپ کو ایک اچھی نماز پڑھنے کی سعادت ملتی ہے تو درحقیقت وہ رحمتِ الٰہی کی بارش کی ایک بوند ہوتی ہے جو آپ کے اوپر ٹپکتی ہے۔ جب آپ کو خالص اللہ کی خاطر روزہ رکھنا اور حج کرنا نصیب ہوتا ہے، جب آپ خدا کی راہ میں خرچ کرنے کی خوشی حاصل کرتے ہیں تو یہ سب بھی اللہ کی اسی بارش کی چھینٹے ہوتے ہیں جو آپ کو اللہ کی توفیق سے پہنچتے ہیں۔ اسی طرح جب اللہ کی یاد سے آپ کا دل سرشار ہو اٹھتا ہے، جب آپ کی آنکھیں اللہ کی راہ میں رونے کی توفیق پاتی ہیں، جب آپ کی زندگی میں درد کے وہ لمحات آتے ہیں جو آپ کو اللہ کے خوف و محبت سے تڑپا دینے والے ہوں تو یہ سب بھی اسی اَن دیکھی بارش کا فضل ہوتا ہے، جو اللہ کی طرف سے آپ کے اوپر برستا ہے۔ جب آپ اپنے بھائی کی کوئی خدمت کرتے ہیں،

جب دوسرے کے دکھ سے آپ کو دکھ اور دوسرے کے سکھ سے آپ کو سکھ ہوتا ہے، جب آپ دل کی سچائی کے ساتھ ان کاموں میں سے کوئی کام کرتے ہیں جن کو بندوں کے حقوق کی ادائیگی کا نام دیا گیا ہے تو یہ سب اسی خدائی بارش کے چھینٹے ہوتے ہیں جو آپ کے اوپر اس کی رحمتِ خاص سے برستے ہیں۔

ہم سب مسلمان ہیں اور یہ خوشی کی بات ہے کہ ہم مسلمان ہیں۔ مگر یاد رکھیں مسلمان ہونا یا مسلمان گھر میں پیدا ہونا صرف یہ معنی رکھتا ہے کہ آپ کو ایمان و اسلام کی زمین حاصل ہے۔ مگر ہر کسان جانتا ہے کہ صرف زمین کا مالک ہونا کافی نہیں۔ بلکہ اسی کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ اس زمین کو پانی کی سہولتیں حاصل ہوں۔ صحرا میں ہر طرف زمین ہی زمین ہوتی ہے مگر وہ کھیتی کے لیے بیکار ہے۔ وہاں ہری بھری فصل کے بجائے ہر وقت ریت اڑتی رہتی ہے۔ کیوں؟ اس لیے کہ وہاں پانی کا ایک قطرہ نہیں۔ ایک کسان کے لیے صرف یہ بات کافی نہیں ہے کہ اس کے پاس کھیت ہیں، خواہ وہ کتنے ہی زیادہ کیوں نہ ہوں۔ کھیت سے فصل اگانے کے لیے ضروری ہے کہ پانی اس کھیت تک پہنچے۔ سوکھا کھیت اسی وقت لہلہاتی ہوئی فصل کی صورت میں بدلتا ہے، جب وہ پانی سے سیراب ہوتا ہے۔

اسی طرح ہمارے لیے صرف یہ بات کافی نہیں کہ ہم ایمان و اسلام کو ماننے کا زبانی دعویٰ کریں۔ اس کے ساتھ لازمی طور پر یہ بھی ضروری ہے کہ ہماری اسلامی زمین پر خدا کی توفیق کی بارش بھی ہو رہی ہو۔ ہمارے دل میں اللہ سے خوف ومحبت کی وہ بوندیں ٹپکیں، جو آدمی کے اندر ربانی ہلچل پیدا کرتی ہیں اور اس کو نیک کام کرنے پر ابھارتی ہیں۔ ہم میں سے ہر شخص کو یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ خدا کی اس بارش میں اس کو حصہ مل رہا ہے یا نہیں۔ اس کے اوپر رحمتوں کا وہ فضل برس رہا ہے یا نہیں جس سے خدا کے پسندیدہ اعمال کا شوق پیدا ہوتا ہے۔ اگر اس روحانی بارش کی بوندیں آپ کے اوپر ٹپک رہی ہیں تو خدا کا شکر ادا کریں کیونکہ یہ سب سے بڑی نعمت ہے جو اس دنیا میں کسی کو ملتی ہے۔ اور اگر اس بارش کے چھینٹے آپ کی ہستی کو نم نہ کر رہے ہوں تو آپ کو اس سے زیادہ بے چینی ہونا چاہیے جتنا کوئی کسان اس وقت بے چین ہوتا ہے جب بادل اس کی زمین پر بارش برسانے سے رک گئے ہوں۔ کیونکہ بادلوں والی بارش کسی کو صرف ایک سال کے غلہ سے محروم کرتی ہے، جب کہ توفیقِ

عمل کی بارش کا رکنا آدمی کو اس سخت ترین اندیشہ میں مبتلا کر دیتا ہے کہ وہ آخرت کی ابدی زندگی میں گھاٹا اٹھانے والوں میں سے ہو جائے۔

کوئی آدمی نماز، روزہ اور اس طرح کے دوسرے اعمال کر رہا ہے، مگر ان کی حیثیت اس کے لیے ایسی ہے جیسے کچھ بے روح رسم ہو جس کو وقتاً فوقتاً ادا کر لیا جائے، تب اس کو مطمئن نہیں ہونا چاہیے۔ کیونکہ وہی عمل اسلامی عمل ہے جس کے ساتھ آدمی کے دل کی دھڑکنیں شامل ہو جائیں، جس کے اندر اس کی روح کی تڑپ گھل مل گئی ہو۔ جو عمل آدمی کی زندگی کا محض ایک خشک ضمیمہ (index) ہے وہ محض ایک بے فائدہ رسم ہے جس کی کوئی قیمت نہ دنیا میں ہے نہ آخرت میں۔

ہم میں سے ہر شخص کو اس اعتبار سے اپنا جائزہ لینا چاہیے۔ اگر بارش برسانے والے بادل رک جائیں تو ہم استسقا کی نماز پڑھتے ہیں۔ لوگ پانی حاصل کرنے کے دوسرے طریقوں کی طرف دوڑنا شروع کرتے ہیں۔ اسی طرح توفیقِ عمل کی بارش رکنے پر آپ کو چوکنّا ہو جانا چاہیے۔ آپ کو خدا سے دعا اور التجا کرنا چاہیے کہ وہ آپ کو اپنی نعمتِ توفیق سے محروم نہ کرے۔

اگر آپ کو زندہ عبادت کی توفیق نہ مل رہی ہو، اگر خدا کی راہ میں خرچ کرنے کا شوق آپ سے رخصت ہو گیا ہو، اگر دوسروں کا بھلا دیکھ کر آپ خوش نہ ہوتے ہوں، اگر اپنے بھائیوں کی خدمت کرنے کا جذبہ آپ کے اندر نہ ابھرتا ہو، اگر آپ اپنے فائدے کے پیچھے دوسرے کا نقصان بھول جاتے ہوں، اگر اپنے صاحبِ معاملہ کے ساتھ انصاف کرنا آپ کو گوارا نہ ہوتا ہو، کسی سے شکایت پیدا ہونے کے بعد اگر آپ اس کو معاف کرنے پر راضی نہ ہوتے ہوں، اگر اس طرح کی باتیں ہوں تو سمجھ لیں کہ آپ کے ایمان کی زمین سوکھی پڑی ہوئی ہے۔ آپ کے اوپر اللہ اپنی توفیق کی بارش نہیں برسا رہا ہے۔ خدا کی رحمتوں سے محرومی نے آپ کے اندر اسلام کے پودے کو خشک کر دیا ہے۔

اسی طرح آپ کو اس وقت بھی بے چین ہو جانا چاہیے جب آپ اپنا یہ حال پائیں کہ آپ انہی دینی کاموں میں رغبت رکھتے ہوں جن سے آپ کی دنیا کو کوئی نقصان نہ ہو، جس میں آپ کے مادی مفادات پوری طرح محفوظ رہتے ہیں، جس میں سستی قیمتوں پر جنت کے دروازے کھلتے ہوئے نظر آتے ہیں، جس میں کچھ کیے بغیر کرنے کا تمغہ مل جاتا ہے، جس میں الفاظ بول کر عمل کا کریڈٹ حاصل

ہوتا ہے۔ اس قسم کے ”دین“ کی طرف لپکنا اور نفس کو دبانے اور جذبات کی قربانی دینے والے دین سے بے پروا ہونا دینداری کی حالت نہیں بلکہ غفلت کی حالت ہے۔

اگر آپ کا یہ حال ہو کہ آپ انہی دینی کاموں کی طرف دوڑتے ہوں جن میں دنیاوی نفع ملنے والا ہو، جن میں شہرت اور عزت کی چاشنی ہو، جن میں آپ کی عوامی تصویر میں اضافہ ہوتا ہو، جن میں آپ اپنے کو نمایاں کرنے کے مواقع پا رہے ہوں، جن میں عمل کی قیمت دنیاوی صورت میں وصول ہوتی ہو، جن میں دینی کام کی قیمت پذیرائی کی صورت میں مل رہی ہو۔ آپ دنیاوی پہلو رکھنے والے دینی کام میں تو خوب تیزی دکھائیں اور جس دینی کام میں کوئی دنیاوی چاشنی نہ ہو، اس سے بے رغبت رہیں تو یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ خدا کی توفیق میں حصہ پانے سے محروم ہیں۔ کیونکہ دولت اور عزت والے دین کی طرف دوڑنا دین کے نام پر اپنے نفس کی طرف دوڑنا ہے، نہ کہ حقیقتاً خدا کے دین کی طرف دوڑنا۔

ان تمام حالتوں میں آپ کو مطمئن ہونے کا موقع نہیں۔ آپ کو بے تاب ہو کر خدا کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔ آپ کو خدا کی بارشِ رحمت کو اپنی طرف مائل کرنا چاہیے، قبل اس کے کہ آپ کا سوکھا ہوا پودا خدا کے باغ سے اکھاڑ کر پھینک دیا جائے۔

*******

جنت میں اہلِ جنت کا ایک مشغلہ یہ ہوگا کہ وہ کلمات اللہ کا مطالعہ کریں، وہ کلمات اللہ کو دریافت کریں، اور پھر کلمات اللہ کو قلم بند کریں۔ یہ ربانی انسان کون ہوں گے۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جو دنیا کے اندر قرآن کے الفاظ میں آلاء اللہ (7:69) اور کلمات اللہ (18:109) کی سوچ میں جینے والے ہوں۔ ایسے لوگوں کو یکجا کر کے جو دنیا بنے گی، اسی کا نام جنت ہے۔ وہ ایک نیا دورِ تہذیب (age of civilization) ہوگا۔ یہاں کی ہر چیز اعلیٰ معیار کی ہوگی۔ یہاں کی سوسائٹی اعلیٰ سوسائٹی ہوگی۔ یہاں ربانی معرفت کی اَن فولڈنگ کے اعلیٰ ادارے ہوں گے۔

# اتحاد کی نفسیات

اتحاد واتفاق کسی بڑے کام کے لیے لازمی طور پر ضروری ہے۔ مگر اتحاد کبھی مطلق معنوں میں پیدا نہیں ہوتا۔ یعنی یہ کہ ٹیم یا گروپ کے تمام افراد کی سوچ ایک ہو، اور اس بنا پر ان کے اندر اتحاد قائم ہوجائے۔ فطرت کے قانون کے مطابق ایسا ہونا ممکن نہیں۔ اتحاد ہمیشہ پریکٹکل وزڈم (practical wisdom) کی بنیاد پر قائم ہوتا ہے، نہ کہ مطلق وزڈم (absolute wisdom) کی بنیاد پر۔

اصل یہ ہے کہ اتحاد کبھی اتفاق رائے کی بنیاد پر قائم نہیں ہوتا، بلکہ اتحاد اس وقت قائم ہوتا ہے، جب کہ لوگوں کے سامنے ایک مشترک نشانہ (goal) ہو، اور اس مشترک نشانے کے حصول کے لیے مختلف لوگ اپنی ذاتی آرا کو الگ رکھ کر مشترک نشانے کی بنیاد پر عملاً متحد ہوجائیں۔ یعنی اختلافِ رائے کے باوجود مشترک نشانے کی خاطر لوگوں کا عملاً متحد ہوجانا۔

ہر انسان ایک مستقل شخصیت کا حامل ہوتا ہے۔ ہر انسان کا زاویہ نظر (angle of vision) الگ الگ ہوتا ہے۔ اس لیے اجتماعی جدو جہد میں کبھی ایسا نہیں ہوسکتا کہ افراد کے درمیان کلی طور پر آرا کا اتحاد ہوجائے۔ بلکہ لوگوں کے درمیان اتحاد اس سوچ کی بنیاد پر ہوتا ہے کہ کسی عظیم مقصد کے لیے اجتماعی کوشش کی جائے۔ یہ اس وقت ممکن ہے جب کہ لوگ انفرادی سطح پر اپنی آرا کو اپنی ذات کی حد تک محدود رکھیں، اور اجتماعی جدو جہد کے معاملے میں سب مل کر ایک نشانے کے لیے کوشش کریں۔ عملی معنوں میں اسی کا نام اتحاد ہے۔ یہی طریقہ ممکن ہے، اور یہی طریقہ فطرت کے قانون کے مطابق ہے۔

ایک روایتی قصہ میں بتایا جاتا ہے کہ ایک شخص کے کئی بیٹے تھے۔ جب اس کی موت کا وقت آیا تو اس نے اپنے بیٹوں کو بلایا، اور ان کو ایک بٹی ہوئی رسی دی کہ اس کو توڑو۔ لڑکے اس رسی کو توڑ نہیں پائے۔ پھر اس نے رسی کو کھول دیا، اور ہر بیٹے کو رسی کی ایک ایک لڑی دی۔ اب ہر ایک نے آسانی سے اس کو توڑ دیا۔ اس کے بعد باپ نے کہا کہ دیکھو، اگر تم متحد رہو گے تو کوئی تم کو توڑ نہیں پائے گا، لیکن اگر تم الگ ہوجاؤ تو کوئی بھی شخص تم کو آسانی سے توڑ ڈالے گا۔

# جہنم کی طرف

بعد کے زمانے کے بارے میں ایک لمبی روایت حدیث کی مختلف کتابوں میں آئی ہے۔ اس کا ایک جزء البخاری کے الفاظ میں یہ ہے: دُعَاةٌ عَلَى أَبْوَابِ جَهَنَّمَ، مَنْ أَجَابَهُمْ إِلَيْهَا قَذَفُوهُ فِيهَا (صحیح البخاری، حدیث نمبر 7084)۔ یعنی اس وقت کچھ پکارنے والے ہوں گے جہنم کے دروازے پر، جولوگ بھی ان کی بات مانیں گے، وہ ان کو جہنم میں پھینک دیں گے۔

یہ حدیث امت مسلمہ کے دورزوال کے بارے میں ہے۔ یعنی دورزوال میں امت مسلمہ میں جونئی باتیں پیدا ہوں گی، ان میں سے ایک بات یہ ہوگی کہ کچھ لوگ بظاہر اسلام کا نام لیں گے۔ مگر وہ لوگوں کو اسلام کے نام پر غیر اسلام کی طرف پکاریں گے۔ ان کی یہ پکار بظاہر اسلام کے نام پر ہوگی، مگر حقیقت کے اعتبار سے ان کی منزل جہنم ہوگی۔ جوان کی پکار پر لبیک کہے گا، وہ آخر کار اپنے آپ کو جہنم کے دروازے پر پائے گا۔

اصل یہ ہے کہ دورِزوال میں امت ایسا نہیں کرے گی کہ وہ اسلام کو چھوڑ دے۔ بلکہ یہ ہوگا کہ امت عملاً دوسری قوموں کی طرح ایک قوم بن جائے گی۔ لیکن امت کے لوگ اپنی قومی سرگرمیوں کے لیے ایسے الفاظ بولیں گے، جو بظاہر اسلامی ڈکشنری کا حصہ معلوم ہوں لیکن حقیقت کے اعتبار سے وہ قومی ڈکشنری کا حصہ ہوں گے۔ مثلاً وہ اپنی قومی لڑائی کو جہاد کا نام دیں گے، وہ قومی سرگرمیوں کو اسلامی سرگرمیوں کا نام دیں گے، وہ اپنی قومی سیاست کو اسلامی خلافت کہیں گے، وغیرہ۔ موجودہ زمانے میں اس قسم کی غیر اسلامی پکار کی بہت سی مثالیں پیدا ہوئی ہیں۔

موجودہ دور میں انھی قسم کی باتوں کو عملاً امت مسلمہ کا دینی نصب العین قرار دے کر اس کے لیے کوششیں کی جارہی ہیں، مگر یہ غیر اسلام کو اسلام کا نام دینا ہے۔ ہر وہ بات جو قرآن وحدیث کے واضح دلائل سے ثابت نہ ہو، دین کے نام پر اس کو پھیلانا باطل ہے۔ اس قسم کی بے بنیاد باتیں عملاً نہ صرف لوگوں کو حقیقی دین سے دور کردیتی ہیں، بلکہ ان کے اندر نفرت اور تصادم کا جذبہ بھی ابھارتی ہیں، جو بذاتِ خود ایک فتنہ انگیز اور ناپسندیدہ رویہ ہے۔

# یک طرفہ رپورٹنگ

آج کل جس مسلمان سے بات کیجیے، وہ ہمیشہ ایک ہی بات کو دہرائے گا، اور وہ مسلمانوں پر ظلم کی بات ہے۔ اگر ان سے مزید گفتگو کیجیے تو وہ اخباری خبروں (یا کسی غیر متحقق انسان کی سوشل میڈیا پر موجود ایک ویڈیو) کا حوالہ دے گا۔ مگر یہ سب یک طرفہ خبر رسانی کی مثالیں ہیں۔ میڈیا انتخابی نیوز (selective news) کی انڈسٹری ہے۔ میڈیا صرف اُن باتوں کو منتخب کرتا ہے، جن میں کوئی سنسنی خیز پہلو ہو۔ ایسی حالت میں مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ اس قسم کی خبروں کو قبول کرنے میں سخت احتیاط کا طریقہ اختیار کریں۔ قرآن کے مطابق، ایسی خبروں کو مان لینا درست نہیں ہے، بلکہ رائے بنانے سے پہلے غیر جانبدارانہ انداز میں ان کی تحقیق کر لینی چاہیے۔

قرآن میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم ان الفاظ میں دیا ہے: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا أَنْ تُصِيبُوا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا عَلَى مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِينَ (49:6)۔ یعنی اے ایمان والو، اگر کوئی فاسق تمہارے پاس خبر لائے تو تم اچھی طرح تحقیق کر لو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم کسی گروہ کو نادانی سے کوئی نقصان پہنچا دو، پھر تم کو اپنے کیے پر پچھتانا پڑے۔ مفسر ابن جریر نے اس کی تفسیر ان الفاظ میں کی ہے: أَمْهِلُوا حتى تَعرِفوا صحَّتَه، لا تعجَلوا بقبولِه (تفسیر الطبری، جلد 21، صفحہ 349)۔ یعنی، جلدی نہ کرو، پہلے یہ تحقیق کر لو کہ یہ بات درست ہے یا نہیں۔

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی سے فرمایا تھا: جب تمہارے پاس دو آدمی مقدمہ لے کر آئیں، تو پہلے والے کے حق میں فیصلہ نہ کرو جب تک دوسرے کا بھی بیان نہ سن لو (فَلا تَقْضِ لِلأَوَّلِ حَتى تَسْمعَ كَلامَ الآخَر)، تب تم بہتر طریقے سے فیصلہ کر سکو گے (سنن ترمذی، حدیث نمبر 1380)۔ یک طرفہ رپورٹنگ کا طریقہ بلاشبہ خلافِ اسلام عمل ہے۔ مگر موجودہ زمانے میں یک طرفہ رپورٹنگ کا انداز بہت زیادہ عام ہے۔ حتیٰ کہ جب کوئی مسلمان ملّی جوش میں ایک خبر پھیلا رہا ہوتا ہے، تو اس کو یہ احساس نہیں ہوتا کہ وہ یک طرفہ رپورٹنگ کی غلطی کر رہا ہے۔

# ہائی پروفائل، لو پروفائل

قرآن میں پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے طریق کار کو سب سے اعلیٰ طریق کار بتایا گیا ہے۔ اسی حقیقت کو قرآن میں اسوہ حسنہ کہا گیا ہے (33:21)۔ اسوہ حسنہ گویا موثر ترین تدبیر (most effective planning) کا نمونہ ہے۔ امریکی رائٹر ڈاکٹر مائکل ہارٹ (پیدائش 1932) نے 1978 میں اپنی کتاب دی ہنڈریڈ (The Hundred) شائع کی۔ اس کتاب میں اس نے پوری تاریخ کے کامیاب ترین انسانوں کی فہرست تیار کی ہے۔ اس میں مائکل ہارٹ نے پیغمبر اسلام کو تاریخ کا سب سے کامیاب انسان بتایا ہے۔ لیکن یہ کامیابی آپ نے کس طریق کار کو اختیار کرکے حاصل کی، یہ حقیقت اس کتاب سے معلوم نہیں ہوتی۔ میں نے اس مسئلے پر غور کیا تو میری سمجھ میں یہ بات آئی کہ پیغمبر اسلام کے طریقِ کار کا اگر خلاصہ کیا جائے، تو شاید وہ یہ ہوگا — لو پروفائل میں کام کرنا۔

پیغمبر اسلام نے اپنی پوری زندگی میں لو پروفائل کا طریقہ اختیار کیا۔ لو پروفائل میں کام کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آدمی اپنے عمل کی پلاننگ غیر نزاعی طریق کار کی بنیاد پر کرے، یعنی پلاننگ اس طرح خاموش انداز میں کرنا کہ فریقِ ثانی اس سے بالکل بے خبر رہے، اور کام اس طرح جاری رہے کہ فریقِ ثانی اس وقت باخبر ہو پائے جب کہ کام عملاً اپنی کامیابی کی منزل تک پہنچ چکا ہو۔ اس کا ایک عملی نمونہ یہ ہے کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے 8 ہجری میں جب مکہ کی طرف مارچ کیا تو یہ سفر انتہائی خفیہ انداز میں کیا، یہاں تک کہ سفر سے پہلے آپ نے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کی تھی: اللَّهمّ خُذْ الْعُيُونَ وَالْأَخْبَارَ عَنْ قُرَيْشٍ حَتَّى نَبْغَتَهَا فِي بِلَادِهَا (سیرت ابن ہشام، جلد 2، صفحہ 397)۔ یعنی اے اللہ، جاسوسوں اور خبروں کو قریش سے روک دے، یہاں تک کہ اچانک ہم ان کے شہر پہنچ جائیں۔ یہ مکہ میں داخلے کی پلاننگ تھی، نہ کہ فتح مکہ کا عمل۔

اس دنیا میں کامیاب طریقہ کار صرف ایک ہے، اور وہ ہے لو پروفائل میں کام کرنا۔ اس طریقہ کار میں کسی کی طرف سے کوئی ری ایکشن پیدا نہیں ہوتا، اور آخر وقت تک کام کرنے کا موقع ملتا ہے۔

# ایک دَور کا مشاہدہ

راقم الحروف کی پیدائش پاسپورٹ کے مطابق، یکم جنوری 1925 کی ہے۔ میں نے اس پورے زمانے کو دیکھا ہے، جسے تین ادوار میں تقسیم کیا جاسکتا ہے: برٹش دور، آزادی کے بعد کا دور ہے جو بہت جلد غیر کانگریسی مسلمانوں کا دور بن گیا، اور تیسرے دور کو مسلم نقطۂ نظر سے اینٹی بی جے پی دور کہنا صحیح ہوگا۔

یہ تینوں ادوار ہنگامہ خیز مسلم قیادتی سرگرمیوں کے باوجود بے نتیجہ رہا، ان سرگرمیوں کا کوئی مثبت نتیجہ سامنے نہیں آیا۔ اب پوری امت عملاً اس دور میں ہے، جس کو بلائنڈ ایلی (blind alley) کہا جاسکتا ہے۔ میں اپنی زندگی کے اس مقام پر ہوں، جہاں سے آگے کوئی چوتھا دور دیکھنا شاید میرے لیے مقدر نہیں۔ میری اپنی سمجھ کے مطابق، پوری امت میں کوئی ایک شخص بھی نہیں جو بظاہر مثبت سوچ کی بنیاد پر امت کی تعمیری منصوبہ بندی کرے۔

ایسے افراد تو بہت ہیں، جو بڑے بڑے الفاظ بولتے ہیں۔ لیکن اگر تجزیہ کیا جائے تو کسی کے پاس حقیقی معنوں میں کوئی لائن آف ایکشن (line of action) نہیں۔ ان کے پاس جذباتی ردِّعمل ہوتا ہے، لیکن ان کے پاس ہوش مندی کے ساتھ کیا ہوا کوئی منصوبہ نہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ پوری امت کے لیے اب وہ وقت آ گیا ہے کہ وہ قرآن کی اس آیت کے مطابق عمل کریں: (ترجمہ) اے ایمان والو، تم سب مل کر اللہ کے سامنے توبہ کروتا کہ تم فلاح پاؤ (24:31)۔

میں اپنے الفاظ میں یہ کہوں گا کہ مسلمانوں کو قرآن وحدیث کی روشنی میں غور کرنا چاہیے۔ اب وہ وقت آ گیا ہے کہ وہ اپنے معاملے کی ری پلاننگ کریں۔ ری پلاننگ رسول اللہ کی ایک عظیم سنت ہے۔ اسلام کے دورِ اول کی بے مثال کامیابی اسی ری پلاننگ کا نتیجہ تھی۔ یہ ری پلاننگ مسلمانوں کی عام سوچ کے برعکس، ٹکراؤ کے میدان سے ہٹ کر تعمیری منصوبہ بندی کے میدان میں انرجی لگانے کی تھی۔ ہجرتِ مدینہ، اور صلحِ حدیبیہ اس کی روشن مثالیں ہیں۔ اسی سنت کو سامنے رکھتے ہوئے، آج مسلمانوں کو بھی چاہیے کہ وہ ٹکراؤ اور ردِّعمل کے ماحول سے پیچھے ہٹ کر تعمیری عمل کی طرف متوجہ ہوں، نہ کہ بے فائدہ ٹکراؤ میں اپنی طاقت ضائع کرتے رہیں۔ حدیث میں ہے: آدمی کے محاسنِ اسلام میں سے ہے کہ وہ ایسے عمل سے دور رہے جو اس کے لیے بے نتیجہ ہو (جامع الترمذی، حدیث نمبر 2317)۔

# حق گوئی و بے با کی

آج کل بہت سے لوگ ایک لفظ بولتے ہیں، وہ ہے حق گوئی و بے با کی۔ بلا شبہ یہ ایک غیر مفید کام ہے۔ جو لوگ اس ٹائٹل کے ساتھ لکھتے اور بولتے ہیں، وہ علم اور علمی ذوق سے بالکل بے خبر ہیں۔

جس چیز کو حق گوئی و بے با کی کہا جاتا ہے وہ دراصل ری ایکشن (reaction) کا دوسرا نام ہے، اور ری ایکشن کا طریقہ صرف مسائل میں اضافہ کرتا ہے، نہ کہ مسائل کو کم کرتا ہے۔ عملی اعتبار سے دیکھا جائے تو اس طرح کے بے با کانہ اظہارِ خیال کا کوئی فائدہ نہیں۔ صحیح رویہ یہ ہے کہ صورتِ حال کا گہرائی کے ساتھ مطالعہ کرکے مواقع کو دریافت کیا جائے، اور لوگوں کو بتایا جائے کہ مسائل کے باوجود کون سے مواقع موجود ہیں، جن کو اویل (avail) کرکے ترقی کا سفر جاری رکھا جاسکتا ہے۔

حق گوئی و بے با کی کے الفاظ اپنے سطحی رویے پر پردہ ڈالنے کے لیے ہوتے ہیں۔ یہ ان لوگوں کا کام ہے، جو اعلیٰ ادب کی تخلیق نہیں کرسکتے۔ جو لوگ اس قسم کی چیزوں کو لکھیں، اور جو لوگ اس قسم کی چیزوں کو پڑھیں، وہ دونوں اپنے وقت کو ضائع کرنے والے لوگ ہیں، وہ جانتے نہیں کہ اعلیٰ ذوق کس چیز کا نام ہے۔ اس قسم کا ادب بلا شبہ احتجاج اور چیخ و پکار کے لیے وجود میں آتا ہے۔ یہ بلا شبہ وقت کا ضیاع ہے، اس کے سوا اور کچھ نہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ جو لوگ لکھنا نہ جانتے ہوں، ان کے لیے زیادہ بہتر کام یہ ہے کہ وہ دو رکعت نماز پڑھ کر لوگوں کے لیے دعا کریں۔ وہ خود اپنی شخصیت میں کمیوں کو دریافت کریں، اور اس کی اصلاح کی کوشش کریں۔

حق گوئی یہ ہے کہ آپ زیر بحث موضوع کا علمی مطالعہ کریں، اس سلسلے میں ٹھوس دلائل جمع کریں، اور پھر یہ جاننے کی کوشش کریں کہ علمی ذوق کیا چیز ہے۔ اس کے بعد مثبت اسلوب میں مضامین لکھیں، جس سے لوگوں کو فائدہ پہنچے۔ عام طور پر جس چیز کو حق گوئی و بے با کی کہا جاتا ہے، وہ ردعمل (reaction) ہوتا ہے، نہ کہ حق گوئی و بے با کی۔

# ہجرتِ رسول

رسول اللہ کی بعثت 610 عیسوی میں ہوئی۔ تیرہ سال کے بعد مکہ سے ہجرت کر کے آپ مدینہ گئے۔ یہ ہجرت پیغمبر اسلام کی ایک سنت ہے۔ اس سنت کو اگر لفظ بدل کر کہیں تو وہ طریقِ کار کی ری پلاننگ تھی۔ یعنی مقصد کے حصول کے لیے ناکام پلاننگ کوترک کر کے نئی پلاننگ کرنا۔ یہ پلاننگ اتنی کامیاب ہوئی کہ تھوڑی مدت کے بعد آپ کا مشن پورے عرب میں پھیل گیا۔ اپنے مشن کے لیے پہلی پلاننگ رسول اللہ نے مکہ کے حالات کو دیکھ کر کی تھی۔ لیکن مکہ کے حالات میں رسول اللہ نے جو پلاننگ کی تھی، وہ اہل قریش کی سخت مخالفت کا شکار ہوگئی۔ اس کے بعد آپ نے مدینہ کی بنیاد پر دوسری پلاننگ کی۔ اس دوسری پلاننگ کے بعد بھی بظاہر کچھ پرابلم پیش آئے۔ لیکن بہت جلد یہ پلاننگ کامیاب ثابت ہوئی، اور اسلام مختصر مدت میں فتح مبین (الفتح، 48:1) تک پہنچ گیا۔

جو لوگ آپ کے ساتھ اپنے وطن کو چھوڑ کر مدینہ پہنچے، عام طور پر ان کو مہاجر اور انصار کی اصطلاحوں میں بیان کیا جاتا ہے۔ لیکن اگر ہم سیکولر زبان میں بات کریں تو وہ مہاجر اہلِ ایمان کا ڈائسپورا تھے، اور انصار وہ لوگ تھے جنھوں نے اس ڈائسپورا (diaspora) کی مدد کی۔ تاریخ بتاتی ہے کہ بڑے بڑے کارنامے ان لوگوں نے انجام دیے جو ڈائسپورا سے تعلق رکھتے تھے یا جنھوں نے ان کا ساتھ دیا۔ مثلاً، امریکا ان افراد کی محنت کا نتیجہ ہے جو ڈائسپورا تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب تارکینِ وطن اپنے ملک کو چھوڑ کر کسی نئے علاقے میں بستے ہیں، تو وہ اُن تکلفانہ سوچ سے آزاد ہوتے ہیں، جو سماجی روایات کے نام پر زمانے کے ساتھ آگے بڑھنے میں رکاوٹ بن جاتی ہیں۔ نیا ماحول ان کے اندر ایک نیا جوش اور عزم پیدا کر دیتا ہے۔ وہ ہر کام پوری لگن کے ساتھ کرتے ہیں، یہاں تک کہ کامیابی کی منزل تک پہنچ جائیں۔

اسی طرح کا ایک واقعہ اسلامی ہجرت کے بعد مدینہ میں پیش آیا۔ ہجرت کے بعد نئے مدینہ میں ایک کثیر تعداد ان لوگوں کی ہوگئی، جو اپنے وطن کو چھوڑ کر یہاں آباد ہوئے تھے۔ ان کے اندر نیا عزم وحوصلہ تھا۔ اس بنا پر یوں لگتا تھا کہ نیا مدینہ ہیروؤں کی بستی بن گیا ہے۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ جو بستی پہلے سادہ طور پر یثرب تھی، وہ انسانی تاریخ میں ایک نئے آغاز کا سرچشمہ بن گئی۔

# کامیابی کا درست طریقہ

ہر انسان کامیابی چاہتا ہے، مگر قرآن میں بتایا گیا ہے کہ کامیابی کا حصول درست طریقے سے ہونا چاہیے، نہ کہ غلط طریقے سے۔ اس سلسلے میں قرآن کا ایک حکم ان الفاظ میں آیا ہے: يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ (2:168)۔ یعنی لوگو، زمین کی چیزوں میں سے حلال اور پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور شیطان کے قدموں پر مت چلو، بیشک وہ تمہارا کھلا ہوا دشمن ہے۔

قرآن کی اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ انسان کو چاہیے کہ وہ رزق کے معاملے میں حلال کا طریقہ اختیار کرے۔ یہاں یہ رہنمائی محدود طور پر صرف کھانے پینے کے بارے میں نہیں ہے، بلکہ اس میں روزمرہ کی زندگی کے اصول بتائے گئے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان آزاد ہے کہ وہ اپنے لیے کامیابی حاصل کرے، لیکن انسان کو وہی طریقہ (method) اختیار کرنا چاہیے جو حلال اور طیب ہو۔ وہ ہرگز ایسے طریقے کو اختیار نہ کرے جو اللہ کے قائم کردہ حدود کے مطابق غیر حلال اور غیر طیب ہو۔ اسی طرح، انسان کو اپنے ذہن میں ایسی سوچ کو جگہ نہیں دینی چاہیے جو غیر مزکّٰی ہو۔ مثلاً اگر ایک انسان کو یہ محسوس ہو کہ اُسے یا اُس کی قوم کو کسی دوسرے سے نقصان پہنچ رہا ہے، تو اُسے چاہیے کہ وہ اپنے آپ کو منفی سوچ سے بچائے، تاکہ وہ عدل وتقویٰ کی حدود سے باہر نہ نکل جائے (المائدہ،5:8)۔

زندگی کی اس اہم حقیقت کو قرآن میں ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے: لَا خَيْرَ فِي كَثِيرٍ مِنْ نَجْوَاهُمْ إِلَّا مَنْ أَمَرَ بِصَدَقَةٍ أَوْ مَعْرُوفٍ أَوْ إِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَلِكَ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا (4:114)۔ یعنی، ان کی اکثر سرگوشیوں میں کوئی بھلائی نہیں۔ بھلائی والی سرگوشی صرف اس کی ہے جو صدقہ کرنے کو کہے یا کسی نیک کام کے لیے کہے یا لوگوں میں صلح کرانے کے لیے کہے۔ جو شخص اللہ کی خوشی کے لئے ایسا کرے تو ہم اس کو بڑا اجر عطا کریں گے۔

# ضمیر یعنی سینسر

دورِ جدید کا ایک ظاہرہ یہ ہے کہ ہم آٹومیٹک سسٹم کے درمیان رہتے ہیں۔ یہ آٹومیٹک سسٹم سینسر کے ذریعہ کام کرتا ہے۔ جیسے ہماری موجودگی کا پتا لگا کر دروازہ کھولنا، دھواں یا آگ کا پتا لگا کر سائرن بجانا، گیراج کے دروازوں کو اس وقت کھولنا جب گاڑی دروازے کے قریب ہو۔ یہ سب اور اس کے علاوہ دیگر بہت سے آٹومیٹک کام سینسروں کی وجہ سے ممکن ہوتے ہیں۔ آپ اپنے گھر، دفتر اور کاروبار وغیرہ میں مختلف قسم کے سینسرز کا استعمال کرسکتے ہیں جو ہماری زندگی کو آسان بنانے کے لیے کام کرتے ہیں۔ سینسر کیا ہے۔ یہ ایک آلہ ہے، جو کسی جسمانی حرکت کو پہچان کر اس کے مطابق نتیجہ ظاہر کرتا ہے:

> A sensor is a device that detects changes in its environment and sends information about those changes to another device or system. A sensor is like a sense organ — just as your skin feels heat or cold, a sensor "feels" or senses things like temperature, light, movement, sound, or pressure.

انسانی جسم پر غور کیا جائے تو انسانی جسم میں بھی سینسرز لگے ہوئے ہیں، جو آپ کے جسم کے اندر اور باہر جاری ایک ایک حرکت کو محسوس کرکے اس کی خبر آپ کے دماغ تک پہنچاتے ہیں، جس بنا پر آپ ان کو جان پاتے ہیں۔ عرف عام میں ان کو حواس خمسہ کہا جاتا ہے۔ ان کے نام یہ ہیں:

باصرہ (sight)، سامعہ (sound)، شامہ (smell)، ذائقہ (taste) اور لامسہ (touch)

اگر یہ حواس خمسہ نہ ہوں تو انسان کو بے شمار قسم کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ ایک خاتون کا مجھے علم ہے۔ ان کی قوت شامہ (sense of smell) ختم ہوگئی تھی۔ اس کی وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان رہتی تھیں۔ کچن میں کھانا جل جائے یا کہیں آگ لگ جائے تو ان کو اس کا بالکل علم نہیں ہو پاتا تھا۔

لیکن اللہ تعالیٰ نے انسان کے جسم میں ایک اور سینسر رکھا ہے، یعنی اچھائی اور برائی کو پہچاننے کا سینسر۔ اس سینسر کو ضمیر (conscience) کہا جاتا ہے۔ غالباً اسی ضمیر کو قرآن میں نفس لوامہ کہا گیا ہے (75:2)۔ ضمیر انسان کے لیے خدائی گائڈ ہے۔ وہ ہر موقع پر انسان کو الارم دیتا ہے کہ وہ

کیا کرے، اور کیا نہ کرے۔لیکن یہ رہنمائی خاموش زبان میں ہوتی ہے۔ اگر آدمی بروقت اس آواز کو سن لے، تو وہ فوراً انسان کی رہنمائی کے لیے متحرک ہوجاتا ہے، لیکن اگر انسان فوراً متحرک نہ ہوتو وہ انسان کو اس کے حال پر چھوڑ دیتا ہے۔

دنیا کی زندگی میں بار بار آدمی کے اوپر غیر ربانی انٹرسٹ غالب آجاتا ہے، اور وہ اپنے ضمیر کے خلاف چلنے لگتا ہے۔ یہ روش ضمیر کو دھیرے دھیرے مردہ بنا دیتی ہے۔ جیسا کہ ایک حدیث میں ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندہ جب کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک سیاہ نکتہ لگ جاتا ہے۔ اگر وہ توبہ کرلے اور باز آجائے اور استغفار کرے تو اس کا دل صاف ہوجاتا ہے۔ اور اگر دوبارہ گناہ کی طرف لوٹ آیا تو وہ سیاہی زیادہ ہوجاتی ہے۔ یہاں تک کہ اس کے سارے دل پر چڑھ جاتی ہے۔ یہی وہ (گناہ کا) زنگ ہے جس کا ذکر قرآن مجید (83:14) میں ان الفاظ میں کیا گیا ہے: ہرگز نہیں بلکہ ان کے برے کاموں سے ان کے دلوں پر زنگ لگ گیا۔ (سنن الترمذی، حدیث نمبر 3334)

صحابیِ رسول حضرت حذیفہ کہتے ہیں کہ جب کوئی انسان گناہ کرتا ہے تو اس سے دل ہتھیلی کی مانند سکڑ جاتا ہے۔ پھر جب وہ مزید گناہ کرتا ہے تو دل اور زیادہ سکڑ جاتا ہے یہاں تک کہ اس پر مہر لگ جاتی ہے۔ پھر وہ خیر کی بات کو سنتا ہے مگر اس پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ گناہ آہستہ آہستہ بڑھتا رہتا ہے یہاں تک کہ جب وہ ڈھیر بن جاتا ہے تو اس کے دل پر ایک بڑی مہر لگا دی جاتی ہے۔ اس کے بعد انسان اگر خیر کا کلمہ بھی سنے تو وہ دل میں داخل نہیں ہو پاتا۔ (تفسیر ابن ابی حاتم: 19181)

یہاں دل سے مراد وہی چیز ہے، جس کو اوپر ضمیر کہا گیا ہے۔ یعنی انسان کے اندر خیر وشر کو ڈیٹکٹ (detect) کرنے کی فطری صلاحیت۔ اس صلاحیت کو قرآن میں فرقان کی صلاحیت بھی کہا گیا ہے اور تقوی کو اس کا ذریعہ بتایا ہے (8:29)۔ ضمیر کسی آدمی کے اندر بصیرت پیدا کر دیتا ہے، جس سے وہ معاملے کے ظاہری پہلوؤں سے دھوکا کھائے بغیر ہر چیز کو اس کے اصل روپ میں دیکھ سکے۔ وہ مغالطوں میں پھنسے بغیر معاملے کی اصل حقیقت تک پہنچ جائے۔ اس لیے بہت ضروری ہے کہ آدمی اپنے ضمیر کو زندہ رکھے تاکہ وہ اس کے ذریعہ خیر کو پہچانے اور اس کے مطابق عمل کر سکے، ٹھیک اسی طرح جیسے وہ کسی خارجی سینسر کے ذریعہ اپنے مادی کام کو آسان بناتا ہے (ڈاکٹر فریدہ خانم)۔

# جمعہ کا دن

جمعہ کا دن اسلام میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔ یہ دن اسلام میں اجتماعی عبادت کا دن ہے۔ اس اجتماعی عبادت سے کئی مثبت پہلو وابستہ ہیں۔ مثلاً: (1) صفائی ستھرائی، اس دن ہر مسلمان صفائی ستھرائی کا زیادہ اہتمام کرتا ہے۔ (2) وقت کی پابندی، کیوں کہ صبح سے ہی اگر اپنے اوقات کو منظم نہ کیا جائے تو مقرر وقت پر مسجد پہنچنا ممکن نہ ہوگا۔ (3) سماجی بھلائی، لوگ جب اپنے گھروں اور دفتروں سے نکل کر مسجد آتے ہیں تو راستہ میں وہ غریبوں اور محتاجوں کی مدد بھی کرتے ہیں۔

اسی کے ساتھ جمعہ کی نماز اجتماعی اوصاف کی تربیت کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ اس دن تمام لوگ صفیں باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں۔ ایک امام کی پیروی میں نماز کے ارکان ادا کرتے ہیں۔ خاموش ہو کر خطبہ سنتے ہیں۔ یہ چیزیں ایک اعتبار سے عبادتی افعال ہیں۔ دوسرے اعتبار سے وہ اجتماعی اوصاف پیدا کرنے کی تربیت ہیں۔ وہ پوری قوم میں اتحاد اور اتفاق پیدا کرنے کا ذریعہ ہے۔ اس کی وجہ سے انفرادی زندگی وسیع ہو کر اجتماعی زندگی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

جمعہ کا دن پورے ہفتے کے لیے ایک خصوصی تربیت کا دن ہے۔ جو خصوصیات جمعہ کے دن کی ہیں، اسلام یہ چاہتا ہے کہ اہلِ ایمان انھیں عام دنوں میں بھی مزید اضافہ کے ساتھ اختیار کریں۔ اس دن ہر آدمی کو صاف ستھرا رہنے کا سبق دیا جاتا ہے۔ لوگوں کا خیر خواہ بن کر رہنا سکھایا جاتا ہے۔ اس دن نظم وضبط کی تربیت دی جاتی ہے۔ اللہ کے ذکر سے آشنا کرایا جاتا ہے۔ اتحاد اور اجتماعیت کی مشق کرائی جاتی ہے۔ دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہونے کی صلاحیت ابھاری جاتی ہے، وغیرہ۔

قرآن میں کہا گیا ہے کہ جب نماز کے لیے لوگ مسجد میں جمع ہوں تو اس وقت کسی غیر متعلق مشغولیت کی طرف دھیان نہیں جانا چاہیے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک بار نماز کے دوران کچھ لوگ خرید وفروخت جیسے کاموں میں مشغول ہو گئے تو قرآن میں اس کے خلاف سختی کے ساتھ تنبیہ کی گئی، اور کہا گیا کہ نماز کے دوران ہر قسم کی غیر متعلق مشغولیت سے دور رہنا چاہیے۔

يا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذا نُودِيَ لِلصَّلاةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلى ذِكْرِ اللهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ☆ فَإِذا قُضِيَتِ الصَّلاةُ فَانْتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللهِ وَاذْكُرُوا اللهَ كَثِيراً لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ☆ وَإِذا رَأَوْا تِجارَةً أَوْ لَهْواً انْفَضُّوا إِلَيْها وَتَرَكُوكَ قائِماً قُلْ ما عِنْدَ اللهِ خَيْرٌ مِنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجارَةِ وَاللهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ (62:9-11)۔ یعنی، اے ایمان والو، جب جمعہ کے دن کی نماز کے لیے پکارا جائے تو اللہ کی یاد کی طرف چل پڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانو۔ پھر جب نماز پوری ہوجائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو، اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو، تاکہ تم فلاح پاؤ۔ اور جب وہ کوئی تجارت یا کھیل تماشہ دیکھتے ہیں تو اس کی طرف دوڑ پڑتے ہیں۔ اور تم کو کھڑا ہوا چھوڑ دیتے ہیں، کہو کہ جو اللہ کے پاس ہے، وہ کھیل تماشے اور تجارت سے بہتر ہے، اور اللہ بہترین رزق دینے والا ہے۔

حدیث میں جمعہ کی نماز کے بارے میں آیا ہے کہ جو شخص ایسا کرے کہ وہ مسجد میں داخل ہونے کے بعد لوگوں کی گردنیں پھلانگتے ہوئے اگلی صف میں جانے کی کوشش کرے تو وہ بہت گناہ کا کام کرتا ہے۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ جمعہ کے دن لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا آگے بڑھ رہا ہے، تو آپ نے فرمایا: بیٹھ جاؤ! تم لوگوں کو اذیت دے رہے ہو، حالاں کہ تم دیر سے آئے ہو (سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر 1115)۔ اسی طرح اہل ایمان کو چاہیے کہ سماج میں رہتے ہوئے دوسرے پر ظلم کرکے اپنا فائدہ حاصل نہ کرے۔ اہلِ ایمان سماج میں نو پرابلم بن کر زندگی گزاریں، دوسرے کو ہرگز تکلیف نہ دیں۔

جمعہ کا دن ان چیزوں کو مشترک طور پر سیکھنے کا دن ہے جس کو دوسرے دنوں میں آدمی غیر مشترک طور پر سیکھتا ہے۔ جمعہ کا دن اس عمل کو مل کر کرنے کا دن ہے جس کو وہ دوسرے دنوں میں اکیلے اکیلے کرتا ہے۔ دوسرے دن اگر انفرادیت کے دن ہیں تو جمعہ کا دن اجتماعیت کا دن۔

# جدید انسان کی تلاش

زیان فرانسس ریویل (Jean-Francois Revel, 1924-2006) کی کتاب مارکس یا مسیح کے بغیر (Without Marx or Jesus) فرانس میں 1970 میں شائع ہوئی۔ کتاب میں مصنف نے بوڈیلیٹر کا قول نقل کیا ہے جس نے تجویز کیا تھا کہ انسانی حقوق کے اعلان میں دو مزید حقوق شامل کیے جائیں۔ ایک، آپ اپنی تردید کرنے کا حق۔ دوسرے کنارہ کشی کا حق۔ امریکی نوجوان آج اسی انقلاب کی طرف جا رہا ہے۔ ایک طرف وہ ایک ایسے سماج کو رد کر رہا ہے جس کا محرک صرف منافع ہو اور جس پر صرف اقتصادی امور کا غلبہ ہو۔ دوسری طرف اسے روایتی مذاہب پر بھی اطمینان نہیں۔ کیوں کہ اس کے نزدیک بہترین مذہب وہ ہے جسے آدمی خود دریافت کرے۔

امریکی نوجوانوں میں ابھرنے والے رجحانات کے چند نمایاں پہلو یہ ہیں: اخلاقی قدروں کی طرف واپسی کا رجحان، محض اقتصادی اور تکنیکی سماجی مقاصد کو رد کرنا، اور قدرتی ماحول کو تجارتی مفاد سے زیادہ اہمیت دینا۔ مصنف کے مطابق، ”آج امریکا میں ایک نیا انقلاب جنم لے رہا ہے، جو انسانیت کے لیے نجات کی راہ پیش کرتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مبنی بر ٹیکنالوجی تہذیب کو منزل سمجھنے کے بجائے اسے ایک ذریعہ کے طور پر لیا جائے۔ اور چونکہ نہ تو اس تہذیب کو مکمل طور پر ترک کرنا ہمارے لیے فائدہ مند ہے، اور نہ ہی اس کا جوں کا توں برقرار رکھنا مفید، اس لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے اندروہ صلاحیت پیدا کریں جس سے ہم اس تہذیب کو مکمل طور پر ترک کرنے کے بجائے اسے ایک نئی اور بہتر صورت دے سکیں۔“

> Today in America a new revolution is rising. It is the revolution of our time. It is the only revolution that involves radical, moral, and practical opposition to the spirit of nationalism. It is the only revolution that, to that opposition, joins culture, economic and technological power, and a total affirmation of liberty

for all in place of archaic prohibitions. It, therefore offers the only possible escape for mankind today: the acceptance of technological civilization as a means and not as an end, and—since we cannot be saved either by the destruction of the civilization or by its continuation—the development of the ability to reshape that civilization without annihilating it. (p. 242)

یہ ذہن جس کی نمائندگی اس کتاب میں کی گئی ہے ایک ایسے آدمی کی بے چینی کی طرح ہے جسے خود اپنی بے چینی کا سبب معلوم نہ ہو۔ امریکی نوجوان مادی تہذیب سے، جس کی آخری نمائندگی مارکس نے کی، مکمل طور پر غیر مطمئن ہو چکا ہے۔ وہ دوبارہ اس ''ماضی'' کو دیکھنے لگا ہے جس کو اس کے باپ دادا نے چھوڑ دیا تھا۔ مگر یہاں ''ماضی'' کی نمائندگی کرنے والی جو چیز ملتی ہے وہ عیسائیت ہے۔

عیسائیت اپنے موجودہ ڈھانچے کے ساتھ خالص علمی وعقلی ذہن کو اپیل نہیں کرتی۔ اس لیے وہ ''مارکس'' کے ساتھ ''مسیح'' کا بھی باغی ہو جاتا ہے۔ تاہم جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ بغاوت کے بعد وہ جس چیز کا طالب ہے، وہ اس کے اپنے الفاظ میں وہی چیز ہے جس کا جواب صرف مذہب کے اندر ہے تو ہم یہ ماننے پر مجبور ہوتے ہیں کہ وہ اپنے مجہول احساس کے ساتھ اسی چیز کی تلاش میں ہے جس کو مذہب کہتے ہیں۔ مصنف نے اپنی کتاب کا نام ''نہ مارکس نہ مسیح'' رکھا ہے۔ مگر باعتبارِ حقیقت اس کا نام ہونا چاہیے تھا ''نہ مارکس نہ مروجہ عیسائیت''۔

میڈالین ایم اوہیئر (Madalyn Murray O'Hair, 1919-1995) امریکہ کی مشہور ترین ملحد خاتون ہیں۔ وہ کھلم کھلا اپنے الحاد کی تبلیغ کرتی ہیں۔ پکے خدا پرست والدین کی یہ بیٹی اپنے بچپن کا ذکر کرتے ہوئے لکھتی ہے:

''مجھے ان کے اعتقادات کا علم تھا اور احترام بھی کرتی تھی۔ مگر 13 سال کی عمر میں اتوار کا پورا دن انجیل پڑھتے رہنے کے بعد میں اس کی یکسر خلافِ عقل باتوں سے متنفر ہو گئی۔''

انسان مذہب کی طرف لوٹنا چاہتا ہے مگر مذہب کی غلط نمائندگی اس کو دوبارہ مذہب سے دور لے جا رہی ہے۔ یہ ہے دورِ جدید کا سب سے بڑا المیہ۔

# ذکراللہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ اپنے ایک صحابی معاذ بن جبل کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا تھا: اذْکُرِ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَ کُلِّ حَجَرٍ وَعِنْدَ کُلِّ شَجَرٍ (المعجم الکبیر للطبرانی، حدیث نمبر 374)۔یعنی اللہ رب العالمین کو یاد کرو، ہر پتھر کے پاس اور ہر درخت کے پاس۔

اس حدیث میں پتھر اور درخت کا ذکر بطور تمثیل ہے۔اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ہر چیز میں خالق کی نشانی ہے، اس کے ذریعہ خالق کی دریافت کرو، اور اس کی معرفت حاصل کرو۔ یہاں ذکرُ اللہ سے مراد اللہ کا لفظی ورد نہیں ہے۔ بلکہ اس سے مراد اللہ کی شعوری یاد (conscious remembrance of God) ہے۔ یہ یادشعوری انداز میں ہر وقت مطلوب ہے۔ یہ شعوری یاد کسی قسم کے روٹین کا نام نہیں ہے، بلکہ وہ اعلیٰ حقیقت کی دریافت کے نتیجے میں ذہن انسانی میں خود بخود پیدا ہوتی ہے۔ یہ ایک زندہ اور تخلیقی سوچ ہے۔

اعلیٰ ذکر کسی انسان کے اندر اس وقت پیدا ہوتا ہے، جب کہ وہ گہرے غور وفکر کے ذریعہ اللہ رب العالمین کو دریافت کرے۔ یہ دریافت اتنی کامل ہو کہ وہ اس کی سوچ پر غالب آجائے، اس کی شخصیت اسی دریافت میں ڈھل جائے۔ وہ اس کے صبح وشام کا ناگزیر اثاثہ بن جائے۔

جدید سائنسی ڈسکوری نے بذریعہ تخلیق خالق کی دریافت کو بے انتہا حد تک وسیع کردیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کائنات کے سائنسی مطالعہ کا مقصد صرف ٹیکنکل ترقی نہیں ہے۔اس سے بڑھ کر اس کا ایک اور مقصد ہے، اور وہ ہے تخلیقات میں خالق کو دریافت کرنا۔تخلیقات کا گہرا مطالعہ کرکے زندگی کے راز کو معلوم کرنا۔ مادی کائنات کی تحقیق کرکے یہ جاننا کہ اس کے نقشہ کے مطابق، انسانی ترقی کا قانون کیا ہے۔ چنانچہ انسان جب کائنات کا مطالعہ کرتا ہے تو وہ اس میں ایک طرف خالق کی تجلیات کو پالیتا ہے اور دوسری طرف اس کو یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس کو اپنی زندگی کی کامیاب تعمیر کن خطوط پر کرنا چاہیے۔(ڈاکٹر فریدہ خانم)

# ایک انٹرویو

سوال: مولانا، بعض تجزیہ نگاروں کا خیال ہے کہ ہندوستان کے اندر قومیتوں کے تضادات آخر کار اس کو ٹوٹ پھوٹ کے عمل سے دوچار کردیں گے۔ آپ کا اس تجزیہ کے بارے میں کیا خیال ہے؟

جواب: تضادات تو ہر سوسائٹی میں ہوتے ہیں۔ بے تضاد سوسائٹی کوئی بنی نہیں۔ مسلم سوسائٹی بھی تضادات سے پاک نہیں رہ سکتی۔ میرا خیال ہے کہ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ روس کی طرح ہندوستان بھی ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا، وہ مغالطے میں مبتلا ہیں۔ روس کے ٹوٹنے کی وجہ یہ ہے کہ اس نے عوام کو بے روٹی کردیا۔ میں خود روس گیا ہوں۔ عوام بھوکوں مر رہے ہیں۔ روس نے اپنے سارے وسائل اسلحہ سازی پر لگا دیے اور عوام کو بے روٹی کردیا۔ لیکن انڈیا میں ایسا نہیں ہوا کہ حکومت نے عوام کی روٹی چھین لی ہو۔ اگر آپ عوام سے روٹی چھین لیں گے تو پھر بغاوت ہوگی۔ اسلامی حکومت ایسا کرے گی تو اس کے خلاف بھی بغاوت ہوگی۔ انڈیا میں لوگوں کو آزادی ہے۔ ان کے پاس کھیت ہیں، وہ پیدا کرتے ہیں اور کھاتے ہیں۔ وہاں بغاوت کس طرح ہوگی؟ باقی جھگڑے کہاں نہیں ہوتے۔ جھگڑے تو ہمیشہ رہے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔

سوال: بابری مسجد کے حوالے سے آپ کی رائے عام علما سے مختلف رہی۔ وہاں کے کئی علما کو آپ سے شکایت بھی ہے کہ آپ ان کے موقف کی طرف داری نہیں کرتے؟

جواب: بابری مسجد کے بارے میں میری رائے عام مسلمانوں کی رائے سے مختلف نہیں۔ میں اس الزام کی تردید کرتا ہوں۔ میرا اختلاف صرف تدبیر کا اختلاف ہے۔ ان کا خیال تھا کہ معاملہ کو سڑکوں پر لایا جائے۔ یہ سڑکوں پر حل ہوگا، جلوس سے حل ہوگا، جلسوں سے حل ہوگا، گولی سے حل ہوگا۔ میں سمجھتا تھا کہ ان طریقوں سے نہیں، بلکہ پر امن طریقے سے حل ہوگا۔ آپ نے دیکھا کہ آخر کار ان کو ناکامی ہوئی۔

سوال: کیا یہ شرعی مسئلہ ہے کہ جس جگہ ایک مرتبہ مسجد بن جائے وہاں قیامت تک کوئی اور تعمیر نہیں ہوسکتی؟

جواب: ہماری فقہ میں ایسا ہی لکھا ہے۔

سوال: قرآن وسنت کی روشنی میں مسئلہ کیا ہے؟

جواب: بس اتنا ہی کافی ہے، اس سے زیادہ کچھ نہیں کہوں گا۔

سوال: بعض حضرات نے قومی اور اصلی اسلام کے خانے بنا رکھے ہیں۔ اور ان کے نزدیک قومی خدمت، اسلامی خدمت قرار نہیں دی جاسکتی۔ کیا مسلمانوں کے قومی مسائل کو حل کرنے کی کوشش کرنا غیر اسلامی ہے؟

جواب: بالکل اسلامی ہے۔ صرف یہ ہے کہ تقسیم کار ہونی چاہیے۔ کچھ لوگ مسلمانوں کو تعلیم میں آگے بڑھانے کی کوشش کریں، کچھ فکری چیلنجوں کا مقابلہ کریں، کچھ مسلمانوں کو انڈسٹری میں ترقی دیں۔ یہ عین اسلامی کام ہوگا۔ میں صرف ایک چیز کا مخالف ہوں، حکومتوں سے ٹکراؤ۔ اس کو میں زہر سمجھتا ہوں کیونکہ یہ سارے کام بگاڑ دیتا ہے۔

سوال: امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد سے آپ کے خوشگوار مراسم یک بیک ناخوشگوار کیوں کر ہو گئے؟ اب سنا ہے کہ ترک ملاقات تک نوبت آن پہنچی ہے۔ حالانکہ چند سال قبل انھوں نے محاضرات قرآنی میں آپ کو خاص طور پر مدعو کیا تھا؟

جواب: ڈاکٹر صاحب مجھ سے کیوں ناراض ہیں، یہ ان کو معلوم ہوگا۔ میں نے تو ”الرسالہ“ میں ڈاکٹر صاحب کے خلاف کبھی کچھ نہیں لکھا اور میں ان کے کام کی قدر کرتا ہوں، جو کچھ بھی ہے۔ لیکن اختلاف اپنی جگہ، وہ جس اسلامی انقلاب کا ذکر کرتے ہیں اور جو بیعت انھوں نے اپنے پیروکاروں سے لے رکھی ہے، میں اسے صحیح نہیں سمجھتا۔

سوال: پاکستان میں ان دنوں علما کا ایک طبقہ جمہوریت کو ترک کر کے خلافت کا علمبردار بن گیا ہے۔ اس کے لیے باقاعدہ فورم بنا دیے گئے ہیں۔ کیا اسلام میں جمہوریت مبغوض ہے؟ اور یہ کہ جمہوریت اور خلافت میں کیا حقیقی فرق ہے؟

جواب: دیکھیے، جمہوریت نام ہے ایک حکومتی نظام کا۔ میں اس کو اسلام کے مطابق سمجھتا ہوں

اور خلافت بھی عین جمہوری ہے۔ اس کو چھوڑ دیجیے کہ جمہوری نمائندے قانون سازی بھی کرتے ہیں، وہاں تک نہ جائیے۔ لیکن یہ کہ افرادِ حکومت کس طرح منتخب ہوں، جمہوریت اس کا نام ہے۔ اسلام کا نظامِ خلافت عین جمہوری تھا۔ یہ بے کار بحثیں ہیں اور یہ ان لوگوں نے شروع کر رکھی ہیں جنھوں نے نظام کو نشانہ بنا رکھا ہے اور فرد سازی کے کام کو عملاً ترک کر دیا ہے۔

سوال: آپ نے مولانا مودودی مرحوم کی فکر پر یہ اعتراض کیا کہ اس میں دین کے اصل محور کو بدل دیا گیا ہے۔ اور سیاست جو کہ دین کا ایک تقاضا ہے اسے کل دین قرار دے دیا گیا۔ آپ نے اس کو "تعبیر کی غلطی" قرار دیا اور ایک متوازن فکر پیش کرنے کا دعویٰ کیا۔ لیکن بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ردعمل میں آپ نے ایک دوسری انتہا کو چھو لیا اور دین کی ایک ایسی تعبیر کر ڈالی جس کو قبول کر لینے کے بعد ایک مسلمان امورِ مملکت یا امورِ سیاست میں فعال کردار ادا کرنے کے قابل نہیں رہتا۔

جواب: جن لوگوں نے مجھ پر یہ اعتراض کیا ہے، ان کو چاہیے کہ وہ اپنے دلائل بھی دیں۔ یہ ایک مجرد بیان ہے کہ میں ایک دوسری انتہا تک پہنچ گیا ہوں۔ میں نے ایک فکر پر اعتراض کیا، اس کی غلطی واضح کرنے کے لیے دلائل دیے اور اس کے متوازی ایک دوسرا فکر پیش کیا۔ اب میرے فکر کو غلط ثابت کرنے کے لیے دلائل کی ضرورت ہے۔ میں جانتا ہوں جو صاحب یہ اعتراض کرتے ہیں، لیکن انھوں نے کوئی دلیل تو دی نہیں۔ بس ایک بیان دے دیا ہے۔ اب ان کے بیان پر کیا بیان دیا جائے۔

سوال: مولانا، بعض لوگ آپ پر طرح طرح کے الزامات عائد کرتے ہیں۔ یہ کہ کرنل معمر قذافی آپ کی مالی امداد کرتے ہیں، یہ کہ حکومت بھارت آپ کی سرپرستی کرتی ہے، یہ کہ آپ کا "الرسالہ" حکومت ہزاروں کی تعداد میں خرید کر مفت تقسیم کرتی ہے؟

جواب: یہ صد فیصد جھوٹ ہے۔ آپ جس سطح پر بھی جانچ کر لیں۔ آپ چاہیں تو میرے اکاؤنٹ کو چیک کر لیں، میرے پاس جو کچھ ہے Accounted Money ہے۔ جس کا باقاعدہ آڈٹ کیا جاتا ہے۔ حسابات میں لکھا ہوا ہے کہ میں نے مکان کہاں سے خریدا اور گاڑی کیسے خریدی۔ آپ نے لیبیا کی بات کی ہے۔ کیا "الرسالہ" میں قذافی کی تبلیغ ہوتی ہے؟ قذافی لیبیا کا ڈکٹیٹر ہے اور میں صبر

اوراعراض کی بات کرتا ہوں۔ کیا قذافی مجھے اس لیے پیسہ دے گا کہ میں اس کے الٹ تبلیغ کروں؟ اگر کوئی میری اس دلیل سے مطمئن نہ ہو تو میں مباہلہ کے لیے تیار ہوں۔ جن صاحب کو اعتراض ہے، وہ مسجد میں میرے ساتھ آ جائیں۔ میں یہ کہنے کے لیے تیار ہوں جس شخص نے قذافی سے پیسہ لیا، اس پر اللہ کی لعنت ہو، وہ اللہ کی رحمت سے محروم ہوجائے، اس کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت نہ ملے، حوض کوثر پر حضور اس کو پانی نہ پلائیں۔ میں بھی یہ کہتا ہوں اور وہ صاحب بھی یہ کہیں۔

ہاں البتہ یہ ضرور ہے کہ میں وہاں کانفرنسوں میں جاتا ہوں۔ ایک مرتبہ ایک عرب نے یہی اعتراض کیا تو میں نے ان کو وہ تقریریں دکھا دیں جو میں نے وہاں کی تھیں، چونکہ کانفرنسوں کے بعد ایسی تقریریں شائع کردی جاتی ہیں۔ ان تقریروں میں میرا موضوع وہی ہوتا ہے جس کا "الرسالہ" میں ذکر ہوتا رہتا ہے۔ کوئی ثابت کردے کہ میں نے کبھی قذافی کی تعریف کی ہو یا اس کے حق میں تقریر کی ہو؟

سوال: اور انڈیا کی سرپرستی کا معاملہ کیا ہے؟

جواب: یہ بھی جھوٹ ہے۔ کوئی ثابت کرے کہ حکومتِ بھارت میرا پرچہ اس طرح خریدتی ہے۔ میں انڈیا میں رہتا ہوں، لیکن میں آج تک حکومت کے کسی آدمی سے ملاقات کرنے نہیں گیا۔ کسی گورنر، وزیر، صدر کو نہیں ملا۔ حالانکہ ان سے ملاقات میرے لیے مشکل نہیں۔ یہ صحیح ہے کہ حکومت کے لوگ میرا پرچہ پڑھتے ہیں، جس طرح دوسرے پرچے پڑھتے ہیں۔ لیکن حکومت سے میرا کوئی تعلق نہیں اور نہ میں نے حکومت سے کوئی پیسہ لیا ہے۔ اگر کوئی یہ ثابت کردے تو میں لکھ کر دینے کو تیار ہوں کہ میں اپنے مرکز کو آگ لگا دوں گا۔ جی ہاں، اگر کوئی یہ ثابت کردے کہ میں حکومت سے امداد لیتا ہوں تو میں اپنے مرکز کو خود آگ لگا دوں گا۔ اس کے لیے بھی میں مباہلہ کو تیار ہوں۔

سوال: آپ کی کوٹھی، کار کا ذکر بھی ہوتا رہتا ہے؟

جواب: جیسا کہ میں نے عرض کیا، میرے پاس Accounted Money ہے۔ میرے اکاؤنٹ کا آڈٹ بھی وہی صاحب کرتے ہیں جو جماعت اسلامی کے آڈیٹر ہیں، مقصود عالم صاحب۔ وہ میرے اور جماعت اسلامی ہند کے حسابات دیکھتے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ آڈیٹر کو سب معلوم ہوتا ہے۔ جن کو شبہ ہے ان صاحب سے معلوم کرلے۔ (بشکریہ: زندگی، لاہور، ستمبر 1991)

# ڈائری 1986

26 جون 1986

بنگلور میں 26 جون سے 30 جون 1986 تک ایک بین المذاہب کانفرنس تھی۔ اس کا دعوت نامہ مجھے ملا تھا اور میں نے اس کا مقالہ بھی تیار کرلیا تھا۔ کانفرنس والوں کی طرف سے ٹکٹ بھی آ گیا تھا۔ مگر بعد کو میں نے بنگلور جانے کا ارادہ بالکل ختم کر دیا۔ مگر کانفرنس کے دو دن پہلے ڈاکٹر راجندر ورما میرے دفتر میں آئے۔ کانفرنس کے حکام کے مطابق میں ان کا رسپانڈنٹ (respondent) بنایا گیا ہوں۔ انھوں نے اصرار کیا کہ آپ ضرور بنگلور چلیں۔ چنانچہ ان کے اصرار کی بنا پر میں راضی ہو گیا۔ آج صبح کی فلائٹ سے بنگلور جا رہا ہوں۔

اس درمیان کا ایک واقعہ یہ بھی ہے کہ 29 جون کو اسلامی مرکز کا ماہانہ اجتماع تھا۔ حسبِ معمول لوگ آئے۔ مگر میں اس وقت بنگلور میں تھا۔ اجتماع میں میرا ایک ٹیپ بنایا گیا۔ بنگلور سے 30 جون کی شام کو واپس آیا۔ اس وقت معلوم ہوا کہ دو موٹے موٹے مشتبہ قسم کے آدمی اجتماع میں آئے تھے۔ وہ مجھ کو پوچھتے رہے۔ جب ان کو یقین ہو گیا کہ میں دہلی میں نہیں ہوں تو وہ واپس چلے گئے۔

آج کل کچھ لوگ میرے دشمن ہو گئے ہیں۔ شاید وہ مجھے قتل کرا دینا چاہتے ہیں۔ شبہ ہے کہ مذکورہ آدمی انہیں کی طرف سے کرایہ پر بھیجے گئے تھے۔ یہی لوگ دوبارہ 2 جولائی کو آئے۔ اس بار وہ تین آدمی تھے۔ دفتر والوں نے کہہ دیا کہ اس وقت ملاقات نہیں ہوسکتی۔ مگر وہ ملاقات کے لیے اصرار کرتے رہے۔ بڑی مشکل سے وہ واپس گئے۔ اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔

27 جون 1986

اَسّی (80) کی دہائی میں میرے ساتھ مادی نقصانات کے کچھ واقعات پیش آئے۔ ایک نقصان پر ہمارے ایک ساتھی نے مجھے یہ خط لکھ کر کہا کہ ان کو شریکِ مشورہ نہیں کیا گیا، ورنہ اس کی نوبت نہ آتی۔ وہ اپنے خط مورخہ 17 جون 1986 میں لکھتے ہیں:

”اس کا نقصان یہ سامنے آیا کہ اگر آپ نے مجھے ٹھیک سے سمجھا ہوتا تو شاید کئی مواقع پر میرا زیادہ

مفید استعمال کر سکتے تھے۔ اگر آپ مجھے اس مسئلہ میں شروع سے دخیل فرما دیتے تو میرے خیال سے نوعیت ہی اس وقت کچھ اور ہوتی۔“

عجیب بات ہے کہ ان معاملات میں میرے سوچنے کا انداز اس سے سراسر مختلف ہے، جو ہمارے مذکورہ ساتھی کے خط میں نظر آتا ہے۔ یہ واقعات بلاشبہ ضیاع کے واقعات تھے۔ مگر ان کے ذریعہ مجھے ایک بہت بڑی دریافت ہوئی۔ ان واقعات نے مجھے ایک ایسی حقیقت کو سمجھنے میں مدد دی، جو اس سے پہلے شعوری طور پر مجھ پر واضح نہ تھی۔

ان واقعات پر غور کرنے کے بعد میں نے جانا کہ اگر مجھے اصل واقعہ سے کچھ پہلے معلوم ہو گیا ہوتا کہ میرے مخالفین اس معاملہ میں کیا سوچ رہے ہیں تو میں بروقت اقدام کر کے یقینی طور پر اس کا دفعیہ کر سکتا تھا۔ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ آبائی زمین یا مرکز کی ایک عمارت کے بارے میں کوئی شخص قبضہ کا منصوبہ بنا رہا ہے تو میں اس کو پہلے ہی فروخت کر دیتا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس تجربہ کے بعد ہی میری سمجھ میں وہ آیت آئی جس کے الفاظ یہ ہیں:

وَلَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوءُ (7:188)۔

یعنی، اگر میں غیب کو جانتا تو میں بہت سے فائدے اپنے لیے حاصل کر لیتا اور مجھے کوئی نقصان نہ پہنچتا۔

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں فائدہ حاصل کرنے کا خاص مدار اس پر ہے کہ آدمی غیب کو جانتا ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو غیر معمولی فتوحات حاصل ہوئیں، اس کا خاص الخاص راز یہی تھا۔ سیرت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بار بار اپنے پیغمبر کو مخالفین کی خفیہ تدبیروں سے باخبر کرتا رہا۔ اس طرح آپ ان کے اقدام سے پہلے ان کے منصوبے سے آگاہ ہو گئے اور پیشگی کارروائی کر کے ان کے خفیہ منصوبوں کو ناکام بنا دیا۔

مذکورہ ساتھی ایک مخلص آدمی ہیں۔ میں ان کی قدر کرتا ہوں۔ مگر مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ان کا ادراک ابھی اس درجہ کو نہیں پہنچا ہے کہ وہ ہمارے مشن کی آزادانہ رہنمائی کر سکیں۔ اس کی ایک مثال ان کا مذکورہ بالا خط ہے۔

یہ سطریں لکھتے ہوئے مذکورہ ساتھی کو شاید سورہ آل عمران کی وہ آیتیں یاد نہ تھیں جو غزوۂ احد سے

متعلق ہیں۔قصہ یہ ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا کہ قریش مکہ آپ سے لڑنے کے لئے آرہے ہیں تو آپ نے اپنے ساتھیوں سے مشورہ کیا۔صحابہ کی جماعت کی رائے یہ ہوئی کہ مدینہ سے باہر نکل کر ان کا مقابلہ کیا جائے۔مگر عبد اللہ بن ابی کی رائے شدت سے یہ تھی کہ ہم لوگ مدینہ میں لڑیں۔جب قریش کا لشکر یہاں تک پہنچ جائے تو ہم اپنے گھروں کی آڑ لے کر ان کا مقابلہ کریں۔مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ بن ابی کی رائے کے خلاف دوسرے صحابہ کی رائے پر عمل کیا اور آگے بڑھ کر احد کے مقام پر دشمن کی فوج کا مقابلہ کیا۔جیسا کہ معلوم ہے کہ اس جنگ میں مسلمانوں کو شکست ہوئی۔

جنگ کے بعد عبد اللہ بن ابی نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ چونکہ پیغمبر نے ہماری رائے نہیں مانی اس لیے شکست ہوئی۔اگر پیغمبر ہماری بات مان لیتے تو ہم اپنی بستی میں رہ کر مقابلہ کرتے اور ایسا نہ ہوتا کہ باہر احد کی وادی میں ہمارے نوجوان قتل کردیے جائیں۔اس کا جواب دیتے ہوئے قرآن میں کہا گیا کہ جو کچھ ہوتا ہے سب خدا کے حکم سے ہوتا ہے۔اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے اور تم پر موت لکھی ہوئی ہوتی تو جہاں تم تھے وہیں مارے جاتے:

قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ يُخْفُونَ فِي أَنْفُسِهِمْ مَا لَا يُبْدُونَ لَكَ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَا قُتِلْنَا هَاهُنَا قُلْ لَوْ كُنْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَى مَضَاجِعِهِمْ (3:154)۔یعنی، کہو، سارا معاملہ اللہ کے اختیار میں ہے۔وہ اپنے دلوں میں ایسی بات چھپائے ہوئے ہیں جو وہ تم پر ظاہر نہیں کرتے۔وہ کہتے ہیں کہ اگر اس معاملہ میں کچھ ہمارا بھی دخل ہوتا تو ہم یہاں نہ مارے جاتے۔کہو، اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے تب بھی جن کا قتل ہونا لکھ دیا گیا تھا، وہ اپنی قتل گاہوں کی طرف نکل پڑتے۔

میں مذکورہ ساتھی کی عزت کرتا ہوں اور دل سے ان کے اخلاص کا قائل ہوں۔مگر میری سوچ میں اور ان کی سوچ میں بہت زیادہ فرق ہے۔

مرکز کی ایک عمارت کے واقعہ پر ان کا کہنا ہے کہ اگر ان کو اس معاملہ میں شریکِ مشورہ کیا جاتا تو وہاں کی بلڈنگ کے ساتھ یہ حادثہ پیش نہ آتا۔جب کہ میری سوچ یہ ہے کہ اس معاملہ میں مجھے اس لیے نقصان اٹھانا پڑا کہ مجھے علم غیب حاصل نہیں۔

ایک ہی واقعہ ہے۔ مگر کیسی عجیب بات ہے کہ اس میں ایک شخص نے خدا کو پایا اور دوسرے شخص نے اپنے آپ کو۔

## یکم جولائی 1986

کیلی گولا (Caligula) چوتھا رومی شہنشاہ تھا۔ اس نے 37ء سے لے کر 41ء تک حکومت کی۔ مورخین عام طور پر اس کی بری تصویر پیش کرتے ہیں۔ اس نے بہت سے لوگوں کا قتل کرا دیا۔ اس نے عجیب عجیب احکامات نافذ کئے۔ حتیٰ کہ کچھ مورخین اس کو پاگل کہتے ہیں۔ اگرچہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے مقالہ نگار کا کہنا ہے کہ اس کے پاگل پن کی اکثر شہادتیں غیر ثابت شدہ ہیں:

Much of the evidence of his alleged madness has been disproved. (vol. II, p. 459)

آخر کار ایک فوجی افسر نے اس کو قتل کر دیا۔

کیلی گولا کے عجیب عجیب کاموں میں سے ایک یہ بتایا جاتا ہے کہ وہ ایک بار اپنے تمام لوگوں سے بگڑ گیا۔ اس نے کہا کہ تم سب کے سب نالائق ہو اور تم سے کہیں زیادہ بہتر یہ میرا گھوڑا ہے۔ اس کا ایک گھوڑا تھا، جس کا نام انسی ٹیٹس (Incitatus) تھا۔ اس نے اپنے اس گھوڑے کو روم کا گورنر بنا دیا۔

کیلی گولا سوار اور سواری میں فرق نہ کر سکا۔ ورنہ اسے معلوم ہوتا کہ گھوڑا سواری کرنے کے لیے بلاشبہ سمجھدار ہے، مگر وہ سوار بننے کے لیے سمجھدار نہیں۔

یہی معاملہ انسانوں کا بھی ہے۔ کچھ لوگ مدرس یا مقرر کی حیثیت سے لائق ہو سکتے ہیں، لیکن اگر ان کو قوم کا قائد بنا دیا جائے تو عین ممکن ہے کہ اس دوسرے میدان میں وہ اتنے ہی نااہل ثابت ہوں، جتنا وہ درس اور تقریر کے میدان میں اہل نظر آ رہے ہیں۔

## 2 جولائی 1986

قرآن کی تفسیر حدیث سے کرنا بہت اچھی بات ہے۔ مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ جب ایک مفسر کسی آیت کے ذیل میں ایک حدیث نقل کر دے تو اس کا مطلب لازماً یہ ہو جائے گا کہ حدیث کے مطابق اس آیت کی تفسیر یہی ہے۔ کیونکہ ایسی حدیثیں بہت کم ہیں جو براہ راست طور پر کسی آیت کی

تفسیر میں آئی ہوں۔ زیادہ تر ایسا ہوتا ہے کہ مفسر اپنے خیال کے مطابق آیت کا ایک مفہوم سمجھتا ہے اور اس کے مطابق حدیثیں اس کے ذیل میں نقل کردیتا ہے۔

